قرآن مجید، احادیث اور سیرت و تاریخ سے ماخوذ بچّوں کے پیارے پیارے

ناموں کی ڈکشنری

معانی اور صحیح تلفّظ کے ساتھ

اور

نومولود کے احکام و مسائل



شعبہ تصنیف و تالیف دارُالسّلام

ناموں کی ڈکشنری



© مكتبة دار السلام، ١٤٢٦ هـ
فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر
مكتبة دار السلام
قاموس الأسماء القرآنية والاسلامية مع احكام المولود باللغة الاردية / مكتبة دار السلام - الرياض، ١٤٢٦ هـ
ص: ٢٠٠ مقاس ١٤×٢١ سم
ردمك: ٢-٣-٩٦٧٨-٩٩٦٠
١- أسماء الاشخاص - معاجم ٢- حقوق الطفل (فقه اسلامي)
أ العنوان
ديوي: ٤١٣.١ ١٤٢٦/٥٥٧٥
ردمك: ٢-٣-٩٦٧٨-٩٩٦٠

سعودی عرب (ہیڈ آفس)

پوسٹ بکس: 22743 الریاض: 11416 سعودی عرب فون: 00966 1 4043432-4033962 فیکس: 4021659
E-mail: darussalam@awalnet.net.sa - Riyadh@dar-us-salam.com
Website: www.dar-us-salam.com

❶ طریق مکہ - العلیا - الریاض فون: 00966 1 4614483 فیکس: 4644945
❷ شارع الاربعین - الملز - الریاض فون: 4735220 فیکس: 4735221
❸ جدہ فون: 00966 2 6879254 فیکس: 6336270
❹ الخبر فون: 00966 3 8692900 فیکس: 8691551

شارجہ
فون: 00971 6 5632623
فیکس: 5632624

لندن
فون: 0044 208 5202666
فیکس: 208 5217645

امریکہ
❶ ہوسٹن فون: 001 713 7220419
فیکس: 7220431
❷ نیویارک فون: 001 718 6255925
فیکس: 6251511

پاکستان (ہیڈ آفس و مرکزی شوروم)

❶ 36 - لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور
فون: 0092 42 7240024-7232400-7111023-7110081 فیکس: 7354072
Website: www.darussalampk.com E-mail: info@darussalampk.com
❷ غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون: 7120054 فیکس: 7320703

کراچی شوروم
Z-110,111 (D.C.H.S) مین طارق روڈ (بالمقابل فری پورٹ شاپنگ مال) کراچی
فون: 0092-21-4393936 فیکس: 4393937
Email: darussalamkhi@darussalampk.com

اسلام آباد شوروم
F-8 مرکز، اسلام آباد فون: 051-2500237

مسلمان بچوں کے پیارے پیارے نام جن میں جدت وندرت بھی ہے اور معنویت بھی!

قرآنی و اسلامی

ناموں کی ڈکشنری

اور

نومولود کے احکام و مسائل




قرآن مجید، احادیث اور سیرت و تاریخ سے ماخوذ نام

معانی اور صحیح تلفظ کے ساتھ



شعبہ تصنیف و تالیف دارالسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم



نومولود کے متعلق عمومی احکام ومسائل

نام اور کنیت رکھنے کے متعلق احکام و مسائل

اسماء الحسنٰی / اللہ تعالیٰ کے نام

انبیائے کرام علیہم السلام، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن کے اسمائے گرامی

مسلمان مردوں اور عورتوں کے قرآنی نام

مسلمان مردوں اور عورتوں کے نام احادیث، تاریخ اور سیرت سے ماخوذ

عرضِ ناشر

تخلیقِ آدم کے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف سے انھیں سب سے پہلے جو چیز ودیعت کی گئی وہ اسماء کا علم تھا۔ اِسی علم کا اظہار فرشتوں پر ان کی برتری اور فضیلت کا باعث بنا اور وہ مسجود ملائک قرار پائے۔ اگرچہ قرآن میں اس بات کی صراحت موجود نہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کو کن چیزوں کے نام سکھائے گئے تھے' تاہم یہ ضرور پتہ چلتا ہے کہ سب سے پہلا علم جو انسان نے اپنے خالق سے براہِ راست سیکھا وہ ناموں ہی کے بارے میں تھا۔ اس طرح اسماء، یعنی نام ازل ہی سے ہر شخص اور چیز کی شناخت کا ذریعہ بن گئے۔ بلکہ خود خالقِ کائنات کے لیے قرآن میں جا بجا اللہ کے نام کا تذکرہ کیا گیا ہے اور پھر ﴿ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ﴾ کہہ کر اس کے بے شمار صفاتی ناموں کی تعریف کی گئی ہے۔ اور کہا گیا کہ تم اللہ کو اللہ کے نام سے پکارو یا رحمٰن کے نام سے۔ اس کے سب نام اچھے ہیں۔

نام انفرادی شناخت کے علاوہ اخلاق' مذہب' قوم اور ملک کی بھی عکاسی کرتے ہیں' اس لیے بچے کی پیدائش کے بعد اس کا نام رکھنے کا کام احسن طریقے سے کیا جائے۔ اولاد کی نعمت اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ بے پناہ عنایات ونوازشات میں سے ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ یہ خالق کائنات کے عطا کردہ وہ تحفے ہیں جنھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کے پھول قرار دیا ہے۔ اولاد کی پیدائش پر خوشی کے اظہار کا سب سے بڑا طریقہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اظہارِ تشکر ہے۔ اولاد چاہے لڑکا ہو یا لڑکی' اس کی پیدائش پر مغموم ہونا اسلامی تعلیمات کے منافی اور ایک مسلمان کی شان کے خلاف ہے۔ قرآنِ پاک میں اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر فرمادیا

کہ ''آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے۔ وہ جو چاہے پیدا کرتا ہے۔ جسے چاہے (صرف) بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہے (صرف) بیٹے عطا کرتا ہے۔ یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں ملا کر دیتا ہے' اور جسے چاہے بے اولاد رکھتا ہے۔'' (الشورٰی:49,50/42) اس لیے لڑکیوں کو زحمت کے بجائے رحمت سمجھنا چاہیے۔ رسول اللہ ﷺ نے متعدد احادیث میں لڑکیوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے والے کو جنت کی بشارت دی ہے۔

مسلمان گھرانے میں بچے کی پیدائش کے بعد ضروری ہے کہ اسے پاک صاف کیا جائے اور پھر سب سے پہلے اللہ اور اس کے نبی کا نام اس کی سماعت میں آئے۔ اس مقصد کے لیے اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی جائے۔ دعائے برکت کے حصول کے لیے بچے کو کسی نیک شخص یا بزرگ کی گود میں ڈالنا بھی مستحسن عمل ہے۔ جیسا کہ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی پیدائش پر انہیں رسول اللہ ﷺ کی گود میں ڈالا تھا۔ علاوہ ازیں کسی نیک آدمی ہی سے بچے کو گھٹی دلائی جائے' یعنی کوئی میٹھی چیز چبا کر بچے کے حلق میں لگائی جائے جسے بچہ نگل لے اور وہ بزرگ بچے کے لیے خیر و برکت کی دعا کریں۔

بچے کی ولادت کے ساتویں روز اس کی حجامت بنوانا' صدقہ کرنا' اس کا عقیقہ کرنا اور نام رکھنا ضروری ہے۔ ساتویں دن بچے کی حجامت بنوا کر بالوں کے برابر چاندی یا اس کی قیمت صدقہ و خیرات میں دے دی جائے۔ بچے کی ولادت کے ساتویں روز اس کا عقیقہ کرنا سنت مؤکدہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر بچہ اپنے عقیقے کے ساتھ گروی ہوتا ہے' لہٰذا ساتویں روز اس کی طرف سے عقیقہ کر دیا جائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لڑکے کی طرف سے دو جانور اور لڑکی کی طرف سے ایک جانور بطور عقیقہ ذبح کیا جائے۔'' ساتویں روز اگر عقیقہ نہ ہو سکے تو زندگی میں جب بھی گنجائش ہو عقیقہ کر لیا جائے۔ ساتویں دن بچے کا

نام رکھنا مستحب اور سنت ہے، تاہم اس سے پہلے یا ولادت سے بھی پہلے نام منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح یہ بھی مناسب ہے کہ لڑکے کا ختنہ بھی ساتویں روز ہی کروا لیا جائے۔

ولادت کے بعد بچے کا نام رکھنا انتہائی اہم کام ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس حصولِ نعمت کے بعد نومولود کا بہترین نام رکھنا بھی اظہارِ تشکر کا ایک انداز ہے۔ نام نہ صرف شناخت کا باعث ہوتے ہیں بلکہ انسان کی شخصیت پر بھی اِن کے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں، لہٰذا مسلمان والدین کا فرض ہے کہ وہ اپنے بچے کا بامعنی، خوبصورت اور اسلامی نام رکھیں۔ آپ ﷺ نے اچھے نام رکھنے کی تلقین فرمائی اور بُرے معانی والے اور شرکیہ نام رکھنے سے منع فرمایا۔ متعدد روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آپ ﷺ نے بُرے اور ناپسندیدہ نام تبدیل فرما دیے تاکہ اس شخص کی زندگی پر نام کے بُرے اثرات مرتب نہ ہوں۔ مثلاً آپ نے ''جذن'' (سخت زمین) کو بدل کر ''سہل'' (نرم آسان) رکھ دیا۔

اچھے نام سے اچھا شگون لینا عین سنت ہے جیسا کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر قریش مکہ کا نمائندہ سہیل آیا تو آپ ﷺ نے اسے نیک فال سمجھتے ہوئے فرمایا کہ اب ہمارا کام آسان ہو جائے گا۔ شخصیت اور نام کا گہرا تعلق ہے اس لیے اچھے یا برے ناموں کے شخصیت پر بہت حد تک اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اچھے نام رکھنے کی تلقین کرتے ہوئے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے اچھے نام ''عبداللہ'' اور ''عبدالرحمٰن'' ہیں اور سب سے سچے نام ''حارث و ہمام'' ہیں اور سب سے بُرے نام ''حرب'' (جنگ) اور ''مُرّہ'' (کڑوا) ہیں۔'' اللہ کے ناموں کے بعد انبیاء علیہم السلام کے نام سب سے اچھے ہیں۔ ان میں سے آقائے نامدار ﷺ کے نام سب سے زیادہ فضیلت اور برکت والے ہیں۔ اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا کہ میرے نام سے نام رکھو۔ قرآن مجید اور کتب احادیث میں رسول اللہ ﷺ کے کئی صفاتی نام بھی مذکورہ ہیں۔ ان کے مطابق بچوں کے نام رکھے جا سکتے ہیں۔ انبیاء و رسل اللہ تعالیٰ کی برگزیدہ

اور عظیم ہستیاں ہیں۔ ان کے ناموں پر بچوں کے نام رکھنا بھی باعث خیر و برکت ہے۔ نبیٔ کریم ﷺ نے فرمایا: ''تم انبیاء والے نام رکھو۔'' انبیاء کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور دوسرے بزرگانِ دین' اسلامی ہیروز اور اہم شخصیات کے نام آتے ہیں۔ ان کے ناموں پر رکھے گئے نام بھی خوبصورت اور باعث برکت ہوتے ہیں۔ ان سے اسلاف کے ساتھ ایک تعلق ظاہر ہوتا ہے اور ان کے کارناموں کی یاد تازہ رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

ناموں کو بگاڑنا کسی طور بھی سوچ اور بہتر عمل کی عکاسی نہیں کرتا۔ ہمارے ہاں اکثر ناموں کو بگاڑ کر پکارنے کی عادت عام ہے اور ایسا کرتے وقت یہ بھی خیال نہیں رکھا جاتا کہ وہ نام اللہ' اس کے نبی ﷺ یا کسی اور عظیم ہستی کے نام پر رکھا گیا ہے۔ ان ناموں کو بگاڑنا نہ صرف حرام بلکہ اللہ تعالیٰ کے غضب کا باعث ہے۔ بعض اوقات نام کو لاڈ پیار سے مختصر کر کے بلایا جاتا ہے۔ اگر اس میں عقائد کے خلاف اور نام والے شخص کی ناپسندیدگی کا پہلو نہ نکلتا ہو تو ایسا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اور ایسا کرنا شرعاً جائز ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ بھی کبھی کبھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو ابو ہر اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو عائش کہہ کر مخاطب فرما لیا کرتے تھے۔

بچوں کے نام بامعنی' خوبصورت اور بہترین صوتی اثرات کے حامل ہوں تو بہت ہی اچھا ہے۔ اسلامی زندگی میں اچھے اور بامعنی نام رکھنے کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ شریعت مطہرہ نے اس کے لیے مستقل قوانین اور احکام بیان کر دیے ہیں۔ اچھے ناموں کی تاکید کے ساتھ ساتھ یہ بھی وضاحت کر دی ہے کہ اپنی اولاد کے لیے دودھ' لباس' رہائش اور دیگر اخراجات کے علاوہ ان کی بہتر تعلیم و تربیت' ان سے پیار و محبت کا اظہار' ان کے شادی بیاہ کے انتظامات' ان کے درمیان عدل و مساوات قائم رکھنا اور ان کا حق وراثت تسلیم کرنا بھی والدین کے لیے بے حد ضروری ہے۔ والدین اپنی نیک دعاؤں

میں اولاد کو یاد رکھیں اور اگر زندگی میں کسی کی موت کا وقت آ جائے تو صبر و رضا سے کام لیں اور ان کے لیے اللہ سے مغفرت طلب کریں۔

اگرچہ آج کل بچوں کے ناموں کے بارے میں بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں' تاہم یہ کتاب چند خصوصیات کی بنا پر اس نوعیت کی دوسری کتابوں سے منفرد ہے:

- اس کتاب میں دیے گئے اسماء الحسنٰی اور اسماء النبی کی تخریج کر کے انہیں زیادہ دلچسپ اور مفید بنا دیا گیا ہے' البتہ اختصار کے پیش نظر ایک ہی حوالے پر اکتفا کیا گیا ہے۔
- صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زیادہ سے زیادہ نام شامل کیے گئے ہیں اگرچہ بعض نام معنی کے لحاظ سے بہتر نہیں ہیں' تاہم اگر کوئی نسبت کی بنا پر وہ نام رکھنا چاہے' تو رکھ سکتا ہے۔
- صرف ناموں کی بھرمار نہیں کی گئی جیسا کہ اس نوعیت کی اکثر کتابوں میں ہوتا ہے، بلکہ منتخب اور خوبصورت نام اس کتاب میں شامل کیے گئے ہیں۔ تعداد کے بجائے معیار کو مدنظر رکھا گیا ہے۔
- معنی و مفہوم اور صوتی اثرات کے لحاظ سے خوبصورت اور اچھے ناموں کا انتخاب کیا گیا ہے۔
- تمام ناموں پر اعراب لگائے گئے ہیں تاکہ صحیح تلفظ ادا کرنے میں آسانی ہو۔
- عربی ناموں کے آگے ''ع'' نہیں لکھا گیا باقی سب ناموں کے آگے اس زبان کا پہلا حرف لکھ دیا گیا ہے جس زبان سے اس نام کا تعلق ہے۔
- چند ناپسند نام بھی دیے گئے ہیں تاکہ برے معنی و مفہوم اور برے صوتی اثرات والے نام منتخب نہ کیے جائیں۔

پیدائش کے احکامات کے سلسلے میں محترم جمال زکی الحواری کی عربی کتاب ''احکام المولود المسلم'' سے استفادہ کیا گیا ہے جسے حافظ محمود تبسم اور حافظ عبدالرحمن ناصر حفظہ اللہ

نے تحقیق وتخریج کے ساتھ ترتیب دیا ہے۔ترتیب وتزیین کے فرائض ڈاکٹر ذوالفقار کاظم صاحب نے سرانجام دیے۔قرآنی ناموں کی ترتیب وتزیین ادارے کے ریسرچ فیلو مولانا محمد عثمان منیب ﷾ کی شب وروز کی تحقیقی کاوش ہے جو ناموں کی کتابوں میں اپنی نوعیت کا پہلا منفرد اضافہ ہے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے بچوں کے ایسے صحیح اور خوبصورت نام رکھنے کی توفیق عطا فرمائے جو اسلامی تشخص کو اجاگر کرنے میں معاون ثابت ہوں۔(آمین)


خادم کتاب وسنت

عبدالمالک مجاہد

مدیر: دارالسلام، الریاض۔لاہور

شعبان المعظم 1426ھ / ستمبر 2005ء

نومولود کے متعلق عمومی احکام ومسائل



- نومولود کی خوشخبری اور مبارکباد
- بچے کے کان میں اذان
- گھٹی دینے اور سر مونڈنے کے فوائد ومسائل کا مستند تذکرہ

پیدائش کے وقت والدین یا سرپرست کا کردار

شریعت اسلامی کا امت مسلمہ پر یہ گراں قدر احسان ہے کہ اس نے نئے جنم لینے والے بچے کے متعلق تمام ضروری آداب واحکام کو وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا ہے۔ اور وہ تمام بنیادی امور تفصیل سے بیان کر دیے جو تربیتِ اطفال میں بنیادی اور اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان آداب واحکام کو سامنے رکھ کر پرورش کرنے والا اپنے ان فرائض و واجبات سے بخوبی آگاہ ہو سکتا ہے جن کی بنا پر بچے کی تربیت اور نشو ونما بہترین انداز میں کی جا سکتی ہے۔

ہر مربی (پرورش کرنے والا) متولی اور تربیت کرنے والے کی یہ ذمہ داری ہے کہ اسلام کی مقرر کردہ حدود میں رہتے ہوئے اپنے فرائض پوری طرح بجا لائے۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ اس ذمہ داری کی ادائیگی کے لیے ان اصول وضوابط کا لحاظ رکھے جنھیں امامِ کائنات' تاجدار مدینہ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے' اور وہ اسلامی تربیت اور نشو ونما کرنے میں اولیں درجہ رکھتے ہیں۔

اب ہم ان ضروری احکام وضوابط کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں جنھیں بچے کی پیدائش کے وقت بروئے کار لانا فرض ہے۔

نومولود کی خوشخبری اور مبارک باد دینے کے احکام ومسائل

بچے کی پیدائش کے بارے میں اگر والد کو کسی وجہ سے اطلاع نہ مل سکے تو اعزہ واقربا میں سے جسے معلوم ہو وہ اسے نومولود کی خوشخبری دیں اور مبارک باد پیش کریں۔ اس موقع پر نومولود کی عمر' صحت اور سعادت کی دعا بھی کریں۔

ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنے بھائی کو جلد از جلد مسرت وخوشی کا موقع مہیا کرے' چنانچہ اگر اس کے گھر اللہ رب العزت نے بچے جیسی نعمت عطا فرمائی ہو تو جتنی جلدی ہو سکے اسے اطلاع دے کر اس کی خوشی کو دوبالا کرے کیونکہ اس سے بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں' مثلاً:

- صلہ رحمی اور تعلق استوار کرنے کے جذبات ابھرتے ہیں۔
- تعلقات وروابط قوی اور مضبوط ہو جاتے ہیں۔
- آپس میں میل جول اور ایک دوسرے سے لگاؤ بڑھتا ہے۔
- مسلم معاشرے میں الفت ومحبت اور عقیدت کے جذبات جنم لیتے ہیں اور اسلامی ماحول پیار ومحبت کی خوشبو سے مہک اٹھتا ہے۔

اگر خوشخبری دینے کا موقع نہ ملے تو بعد میں مبارک باد دینا بھی مستحب اور قابلِ ستائش عمل ہے۔ مبارک باد دیتے ہوئے اپنے بھائی اور نومولود کے حق میں دعا کرنی چاہیے۔

۞ **قرآن کریم سے خوشخبری دینے کا ثبوت:** قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ نے امت مسلمہ کی رشد وہدایت اور تعلیم وتربیت کے لیے ولادت کے موقع پر خوشخبری دینے کا متعدد بار ذکر کیا ہے کیوں کہ اس بشارت اور اطلاعِ مسرت کے نتیجہ میں بیش بہا فوائد حاصل ہوتے ہیں جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ اس سے اجتماعی روابط اور تعلقات کی نشوونما ہوتی ہے اور وہ مضبوط ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعے میں فرمایا ہے:

﴿وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ إِبْرَٰهِيمَ بِٱلْبُشْرَىٰ قَالُوا۟ سَلَـٰمًا ۖ قَالَ سَلَـٰمٌ ۖ فَمَا لَبِثَ أَن جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا رَءَآ أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا۟ لَا تَخَفْ إِنَّآ أُرْسِلْنَآ إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٠﴾ وَٱمْرَأَتُهُۥ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَـٰهَا بِإِسْحَـٰقَ وَمِن وَرَآءِ إِسْحَـٰقَ يَعْقُوبَ ﴿٧١﴾﴾

''اور جب ہمارے فرشتے ابراہیم کے پاس خوشخبری کا پیغام لائے تو انھوں نے سلام کہا' ابراہیم نے سلام کا جواب دیا اور جلدی سے ایک بچھڑے کا گوشت بھون کر لے آئے۔ (لیکن فرشتوں نے توجہ نہ کی) ابراہیم نے جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں اٹھ رہے تو پریشان ہو گئے اور ان سے ڈر محسوس کرنے لگے تو فرشتوں نے کہا کہ گھبرانے اور ڈرنے کی ضرورت نہیں ہم تو لوط کی قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ ابراہیم کی زوجہ محترمہ قریب کھڑی تھیں وہ مسکرائیں تو ہم نے انھیں اسحاق (بیٹے) کی خوشخبری سنائی اور اسحاق کی پشت سے یعقوب کے آنے کی بھی خوشخبری دی۔''[1]

اللہ تعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ السلام کے بارے فرمایا:

﴿فَنَادَتْهُ ٱلْمَلَـٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُصَلِّى فِى ٱلْمِحْرَابِ أَنَّ ٱللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَىٰ﴾

''(حضرت زکریا علیہ السلام نے اللہ سے اولاد کی دعا مانگی تھی) تو فرشتوں نے زکریا کو آواز دی اور وہ اپنی عبادت گاہ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ اللہ نے آپ کی طرف یحییٰ نامی لڑکے کی خوشخبری کا پیغام بھیجا ہے۔''[2]

اسی طرح ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿يَـٰزَكَرِيَّآ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَـٰمٍ ٱسْمُهُۥ يَحْيَىٰ لَمْ نَجْعَل لَّهُۥ مِن قَبْلُ سَمِيًّا﴾

''اے زکریا! ہم تجھے ایک لڑکے کی خوشخبری سنا رہے ہیں جس کا نام یحییٰ ہوگا۔ اس سے پہلے ہم نے آج تک کسی کو اس کا ہم نام نہیں بنایا۔''[3]

---

[1] ھود: 11/69-71 [2] آل عمران: 3/39

[3] مریم: 19/7

✿ **تاریخی ثبوت:** امام ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''جب نبی اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی تو ثویبہ نے، جو کہ نبی ﷺ کے چچا ابولہب کی لونڈی تھی، ابولہب کو آپ کی ولادت کی خوشخبری سنائی اور کہنے لگی کہ آج رات تمہارے بھائی عبداللہ کے گھر اللہ نے بیٹا عطا فرمایا ہے' تو اس نے خوشی سے پھولے نہ سماتے ہوئے اس کو آزاد کر دیا۔''[1]

✿ **مبارک باد دینے کا ثبوت:** امام ابن قیم رحمہ اللہ نے اپنی کتاب تحفۃ المودود میں ابوبکر بن منذر سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے بارے میں ایک واقعے کا علم ہوا کہ ان کے پاس ایک آدمی بیٹھا ہوا تھا جس کے گھر ایک بچہ پیدا ہوا تھا۔ ایک دوسرا آدمی حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے ملاقات کے لیے آیا' اس نے پہلے سے موجود آدمی کو دیکھ کر مبارک باد دی اور کہنے لگا کہ ایک شہسوار مبارک ہو۔ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرمانے لگے: تجھے کیا معلوم کہ یہ بچہ بڑا ہو کر گھوڑے کی طرح مفید ثابت ہوگا یا گدھے کا کردار ادا کرے گا۔ (گھوڑ سوار بنے گا یا گدھا سوار) وہ آدمی پوچھنے لگا تو پھر آپ ہی رہنمائی فرمائیں کہ کس طرح مبارک باد دینی چاہیے۔ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرمانے لگے یوں کہا کرو: ''اللہ نے تمھیں جس تحفہ سے نوازا ہے وہ اسے بابرکت بنائے' اسے عمر دراز عطا فرمائے اور تیرے ساتھ بہترین سلوک کرنے کی اسے توفیق دے۔ اور تجھ پر بھی لازم ہے کہ تو اس ہستی کا شکر ادا کرے جس نے تجھے اس نعمت سے نوازا ہے۔''[2]

✿ **تنبیہ:** خوشخبری دینے یا مبارک باد دینے میں مذکر و مونّث کا فرق نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ہر بچے کی پیدائش باعثِ برکت ہوتی ہے۔

تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ سنت نبوی کو اپنے معاشرے میں عملی جامہ پہنائیں تاکہ ان کے باہمی روابط و تعلقات مضبوط ہو سکیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ تعلقات اور اسلامی

---

[1] صحیح البخاری، النکاح، باب لو أمهاتكم ......، حدیث: 5101 معلقًا

[2] تحفة المودود' ص: 52

رشتے مزید مضبوط ہوتے چلے جائیں۔ گھرانوں اور خاندانوں میں انس و محبت کی لہر دوڑ جائے۔ تمام مسلمانوں کے لیے انتہائی ضروری اور توجہ طلب بات یہ ہونی چاہیے کہ وہ باہمی الفت و محبت کی شاہراہ پر گامزن ہوں تاکہ ملّی وحدت اور اجتماعی زندگی کا حصول ممکن ہو سکے حتی کہ وہ ہمیشہ اللہ سے ڈرنے والے بندوں کی طرح بھائی بھائی بن کر زندگی گزاریں اور اس مضبوط دیوار کی طرح یکجا اور متحد ہو جائیں جس کے تمام حصے اور اجزا ایک دوسرے کے لیے مضبوطی اور تقویت کا باعث ہوتے ہیں۔

بچے کے کان میں اذان کہنے کے احکام ومسائل

ہماری شریعت مطہرہ نے بچے کی پیدائش کے وقت جن احکام شرعیہ سے آگاہ کیا ہے ان میں سے ایک ولادت کے فوراً بعد بچے کے دائیں کان میں اذان کہنا ہے۔

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

«رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَذَّنَ فِي أُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، حِينَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ، بِالصَّلٰوةِ»

''جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو جنم دیا تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اس کے کان میں نماز والی اذان کہی۔''

❁ اذان کہنے کی حکمتیں: اذان کہنے کی متعدد حکمتیں بیان کی جاتی ہیں جن میں سے چند ایک کا اختصار کے ساتھ ہم ذکر کرتے ہیں۔

① ولادت کے وقت اذان کہنے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ انسان کے کانوں میں سب سے پہلے وہ عالی شان اور بلند مرتبہ آواز داخل ہو جس میں رب العالمین کی عظمت و کبریائی کا بیان ہے

سنن أبي داود، الأدب، باب في المولود يؤذن في أذنه، حديث: 5105 و جامع الترمذي، الأضاحي، باب الأذان في أذن المولود، حديث: 1514 والحديث ضعيف، ضعفه الشيخ الألباني في هداية الرواة: 4/138 وفوّاز احمد زمرلي في تخريج تحفة المودود، ص: 53 وحسين سليم اسد في تحقيق مسند أبي يعلى: 12/151

یہ روایت اگرچہ ضعیف ہے لیکن شروع سے لے کر یہ معمول بہ رہی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ اس روایت کو ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: [وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ] ''اور اس روایت پر عمل موجود ہے۔'' اسی بنا پر بعض اہل علم نے بچے کے کان میں صرف اذان کہنے کو جائز قرار دیا ہے۔ واللہ اعلم۔ (ناصر)

اور اس شہادت و گواہی کا تذکرہ ہے کہ جس کے ساتھ انسان اسلام میں داخل ہوتا ہے۔ گویا کہ دنیا میں آتے ہی انسان کو تلقین کر دی جاتی ہے کہ اسلام کے یہ بنیادی قوانین ہیں۔ اسی طرح جب وہ دنیا سے رخصت ہونے لگتا ہے تو موت کے وقت اسے کلمہ توحید کی تلقین کی جاتی ہے جیسا کہ نبی اکرم ﷺ کا فرمان عالی شان ہے:

«لَقِّنُوا مَوْتَاكُمْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ»

''اپنے قریب المرگ لوگوں کو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کی تلقین کیا کرو۔''[1]

یقیناً اللہ کی قدرت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے یہ بات بعید از قیاس محسوس نہیں ہوتی کہ اذان کا اثر بچے کے کانوں سے ہوتا ہوا اس کے دل پر پہنچ جاتا ہے اور وہ بچہ اس تلقین سے متاثر ہوتا ہے اگرچہ بظاہر کسی کو محسوس نہیں ہوتا۔

② اذان کے کلمات سن کر شیطان دور بھاگتا ہے۔[2] چونکہ بچے کی پیدائش کے وقت شیطان بھی گھات لگا کر بیٹھا ہوتا ہے تو اذان کی آواز سنتے ہی اس کے اثر میں کمی واقع ہو جائے گی' بچے کے ساتھ اس کے ابتدائی تعلقات میں رکاوٹ کھڑی ہو جائے گی اور شیطان غصے سے پیچ و تاب کھاتا ہوا ناکام و نامراد لوٹے گا۔

③ دنیا دارالامتحان ہے اس لیے یہاں آتے ہی بچے کو سب سے پہلے' اللہ' دین اسلام اور عبادتِ الٰہی کا درس دیا جاتا ہے اور شیطان کی دعوت سے پہلے ہی اسے رحمٰن کی دعوت پہنچائی جاتی ہے۔ بندہ کی ابتدا فطرتِ سلیمہ سے ہوتی ہے یعنی وہ پیدا ہوتا ہے تو اسلام کے مطابق اس کی زندگی ہوتی ہے اور وہ مسلمانوں میں سے ہوتا ہے لیکن پیدا ہونے کے بعد شیطان کوشش کرتا ہے کہ اس کی فطرت میں تغیر و تبدل پیدا کر کے اسے اسلام سے دور کیا جائے اور فطرت سلیمہ سے ہٹا دیا جائے۔[3]

(1) صحیح مسلم، الجنائز، باب تلقین الموتٰی لا إله إلا الله، ح: 916 و سنن أبی داود، الجنائز، باب فی التلقین، حدیث : 3117

(2) صحیح البخاری، بدء الخلق' باب صفة إبلیس و جنوده' حدیث:5823

(3) تحفة المودود' ص: ٥٤

امام ابن قیم رحمہ اللہ کے بیان کردہ فوائد اور حکمتیں اس بات کی بہت بڑی دلیل ہیں کہ اسلاف سے اخلاف تک تمام اہلِ علم نے عقیدۂ توحید کے ساتھ ساتھ ایمان کی دعوت دینے کا کس قدر اہتمام کیا۔ شیطان کی دعوت کے سدِّ باب اور خواہش پرستی کی روک تھام کے لیے کس قدر انتھک دوڑ دھوپ کی حتیٰ کہ انسان کے کانوں میں اسی وقت یہ باتیں ڈال دی جاتی ہیں جبکہ وہ اپنے دنیاوی وجود کی بادِ نسیم سے لطف اندوز ہونے کی ابتدا اور آغاز کرتا ہے۔

گھٹی دینے کے احکام ومسائل

ولادت کے تھوڑی دیر بعد گھٹی دینا ان احکام شرعیہ میں سے ہے جو ہماری شریعت نے نومولود بچے کے لیے بتلائے ہیں۔

❀ **گھٹی کی تعریف:** گھٹی کا مطلب یہ ہے کہ کسی چیز کو چبا کر نرم کرنا اور پھر بچے کے تالو کے ساتھ مل دینا۔ اس کا معروف طریقہ یہ ہے کہ چبائی ہوئی چیز کو بچے کے منہ میں داخل کر کے اسے دائیں بائیں ہر جانب نرمی کے ساتھ حرکت دینا حتی کہ یہ چبایا ہوا مادہ اس کے منہ میں منتقل ہو جائے۔

گھٹی دینے کے لیے کھجور کا استعمال سب سے بہتر ہے۔ اگر وہ میسر نہ ہو سکے تو پھر کوئی میٹھی چیز استعمال کرنی چاہیے جو آسانی سے مہیا ہو سکے۔ مثلاً انگور، میٹھا دہی جس میں عرق گلاب کی آمیزش ہو۔ میٹھی چیز کا استعمال اس لیے بہتر ہے کہ اس طرح سنت رسول کے ساتھ مطابقت و موافقت پیدا ہو جائے گی اور نبی اکرم ﷺ کے عمل کی پیروی کرنے کی سعادت اور شرف بھی حاصل ہو جائے گا۔

❀ **حکمت و فائدہ:** گھٹی دینے کی حکمت یہ معلوم ہوتی ہے کہ جب زبان تالو کے ساتھ حرکت کرے گی اور بچہ بار بار زبان کو حرکت دے گا تو اس کے منہ کے عضلات قوی ہوں گے اور اس کے لیے ماں کا دودھ چوسنا آسان ہو جائے گا اور وہ یہ کام طبعی طور پر اچھے طریقے سے انجام دے سکے گا۔

❀ **گھٹی کون دے؟:** افضل تو یہی ہے کہ گھٹی دینے کے لیے کسی ایسی معزز ومحترم شخصیت اور نیک آدمی کا انتخاب کیا جائے جو تقویٰ، پرہیزگاری اور نیکی میں بلند مقام رکھتا ہو۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ اللہ رب العزت اس نیک آدمی کی دعا سے اس بچے کو بھی نیک اور متقی بنا دے گا۔

۞ **احادیث نبویہ سے تحنیک کا ثبوت:** گھٹی دینا مستحب اور محبوب عمل ہے۔ جن احادیث مبارکہ سے فقہائے کرام نے گھٹی دینے کا استدلال کیا ہے وہ درج ذیل ہیں:

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

«وُلِدَ لِي غُلَامٌ، فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ فَسَمَّاهُ إِبْرَاهِيمَ فَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ وَدَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ وَدَفَعَهُ إِلَيَّ»

''اللہ نے مجھے ایک لڑکا عطا کیا تو میں اسے نبی اکرم ﷺ کے پاس لے کر آیا۔ آپ نے اس کا نام ابراہیم تجویز کیا اور کھجور کے ساتھ اسے گھٹی دی اور اس کے لیے برکت کی دعا کی اور پھر اسے میری طرف واپس لوٹا دیا۔''[1]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

«كَانَ ابْنٌ لِأَبِي طَلْحَةَ يَشْتَكِي فَخَرَجَ أَبُوطَلْحَةَ فَقُبِضَ الصَّبِيُّ، فَلَمَّا رَجَعَ أَبُوطَلْحَةَ، قَالَ: مَا فَعَلَ ابْنِي؟ قَالَتْ أُمُّ سُلَيمٍ: هُوَ أَسْكَنُ مَا كَانَ، فَقَرَّبَتْ إِلَيْهِ الْعَشَاءَ فَتَعَشَّى ثُمَّ أَصَابَ مِنْهَا، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَتْ: وَارُوا الصَّبِيَّ، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَبُوطَلْحَةَ أَتَى رَسُولَ اللهِ ﷺ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ: أَعَرَسْتُمُ اللَّيْلَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لَهُمَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا، فَقَالَ لِي أَبُوطَلْحَةَ: إِحْمِلْهُ حَتَّى تَأْتِيَ بِهِ النَّبِيَّ ﷺ فَأَتَى بِهِ النَّبِيَّ ﷺ وَبَعَثَتْ مَعَهُ بِتَمَرَاتٍ، فَأَخَذَهُ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: أَمَعَهُ شَيْءٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، تَمَرَاتٌ، فَأَخَذَهَا النَّبِيُّ ﷺ فَمَضَغَهَا، ثُمَّ أَخَذَهَا مِنْ فِيهِ، فَجَعَلَهَا فِي فِي الصَّبِيِّ، ثُمَّ حَنَّكَهُ، وَسَمَّاهُ

[1] صحیح البخاری، العقیقة، باب تسمية المولود......، حديث: 5467 و صحيح مسلم، الآداب، باب استحباب تحنيك المولود...... حديث: 2145

عَبْدَاللّٰہِ»

''حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک چھوٹا بچہ بیمار تھا۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کسی کام کے سلسلے میں باہر گئے ہوئے تھے کہ بچہ اس دنیا سے رخصت ہو گیا' جب وہ واپس آئے تو پوچھا: میرے بیٹے کا کیا حال ہے؟ ان کی بیوی سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے جواب دیا کہ وہ پہلے سے بہت سکون اور راحت و آرام کی حالت میں ہے۔ (ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو اصل معاملے کا علم نہ ہو سکا) سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے انہیں شام کا کھانا پیش کیا' انہوں نے کھانا کھایا اور رات کو اپنی بیوی کے ساتھ وظیفۂ زوجیت ادا کیا' جب وہ فارغ ہوئے تو بیوی کہنے لگی کہ بچے کو دفن کر دیجیے۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے صبح ہوتے ہی نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس واقعہ کی اطلاع دی تو آپ نے دریافت کیا کہ کیا رات کے وقت تم نے ہمبستری کی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! ان دونوں کے لیے برکت کے دروازے کھول دے۔'' تو (کچھ عرصہ بعد) ام سلیم رضی اللہ عنہا نے ایک لڑکے کو جنم دیا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے (انس رضی اللہ عنہ سے) کہا کہ اس بچے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے جاؤ اور کچھ کھجوریں بھی ساتھ بھیج دیں۔ جب وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے تو آپ نے اس بچے کو پکڑ کر فرمایا: ''کیا کوئی چیز بھی لائے ہو۔'' عرض کی: جی ہاں! کچھ کھجوریں موجود ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوریں لیں اور ان کو چبانے لگے پھر اپنے منہ مبارک سے نکال کر بچے کے منہ میں ڈال کر اسے گھٹی دی اور اس کا نام عبداللہ رکھا۔''[1]

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کا واقعہ: خلال رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ محمد بن علی رحمہ اللہ نے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کی ایک لونڈی سے سنا جو کہ امام احمد کے بچے کی والدہ بھی تھی' وہ کہتی ہے کہ جب مجھے دردِ زہ شروع ہوا تو میرے آقا یعنی امام احمد رحمہ اللہ سو رہے تھے' میں نے آواز لگائی کہ میں تو سخت تکلیف سے دوچار ہوں۔ وہ فرمانے لگے کہ اللہ آسانی فرمائے گا' ان کے منہ سے یہ الفاظ

[1] صحيح البخاري، العقيقة، باب تسمية المولود……، حديث: 5470 و صحيح مسلم، الآداب، باب استحباب تحنيك المولود……، حديث: 2144

نکلتے تھے کہ میں نے ''سعید'' کو جنم دیا' وہ فرمانے لگے کہ وہ کھجور لاؤ جو مکہ سے آئی ہے' تو انہوں نے ام علی سے کہا کہ اس کو چبا کر گھٹی دے دو' تو انھوں نے ایسا ہی کیا۔[1]

---

(1) تحفة المودود' ص: ٥٦

سر مونڈنے کے احکام و مسائل

پیدائش کے بعد ساتویں دن بچے کا سر مونڈنا اور پھر اس کے بالوں کے ہم وزن چاندی فقراء و مساکین میں تقسیم کرنا' شریعت محمدی کا ثابت شدہ حکم ہے۔

❁ **سر مونڈنے کی حکمتیں:** بچے کے سر مونڈنے میں دو بڑی حکمتیں سامنے آتی ہیں:

صحت کی بحالی　　غریب پروری

پہلی حکمت: طبی نقطۂ نگاہ سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ بچے کا سر مونڈنے سے اس کی صحت بحال ہو جاتی ہے' جسمانی طور پر قوت حاصل ہوتی ہے' سر کے مسام کھل جاتے ہیں اور جسم کے باقی حواس مثلاً: دیکھنے' سننے اور سونگھنے کی حس میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

دوسری حکمت: اس کا ایک اجتماعی فائدہ بھی ہے۔ سر مونڈ کر بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کرنا اور فقراء و مساکین میں تقسیم کرنا غریب پروری کا مظہر و سرچشمہ ہے۔ اس سے غریبوں' یتیموں اور فقراء و مساکین کی کفالت اور دیکھ بھال میں تعاون حاصل ہوتا ہے۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ اسلامی معاشرے سے وابستہ تمام گھرانے آپس میں تعاون' باہم شفقت و رحمت اور بالخصوص غریب طبقہ کی کفالت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

❁ **احادیث سے ثبوت:** بچے کا سر مونڈنا اور پھر اس کے بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کرنا کئی احادیثِ مبارکہ سے ثابت ہے جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

حضرت محمد باقر بن علی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

«وَزَنَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللهِ ﷺ شَعْرَ حَسَنٍ وَحُسَيْنٍ وَزَيْنَبَ وَأُمِّ كُلْثُوْمٍ فَتَصَدَّقَتْ بِزِنَةِ ذٰلِكَ فِضَّةً»

''رسول اللہ ﷺ کی لختِ جگر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بچوں حسن' حسین' زینب اور ام

کلثوم رضی اللہ عنہم کی حجامت کرا کے ان کے بالوں کا وزن کیا اور پھر اس وزن کے برابر چاندی صدقہ کی۔"[1]

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

«عَقَّ رَسُولُ اللهِ ﷺ عَنِ الْحَسَنِ بِشَاةٍ وَقَالَ: يَافَاطِمَةُ احْلِقِي رَأْسَهُ وَتَصَدَّقِي بِزِنَةِ شَعْرِهِ فِضَّةً، فَوَزَنَتْهُ، فَكَانَ وَزْنُهُ دِرْهَمًا أَوْ بَعْضَ دِرْهَمٍ»

"رسول اللہ ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک بکری کا عقیقہ کیا اور فرمایا: "اے فاطمہ اس کا سر مونڈ کر اس کے بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کرو۔" انہوں نے بالوں کا وزن کیا تو وہ ایک درہم یا اس سے بھی کم تھا۔"[2]

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

«أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَمَرَ بِرَأْسِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ابْنَي عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ يَوْمَ سَابِعِهِمَا، فَحُلِّقَ، ثم تَصَدَّقَ بِوَزْنِهِ فِضَّةً»

"رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لخت جگر حسن و حسین رضی اللہ عنہما کی پیدائش کے ساتویں دن ان کے سر مونڈنے کا حکم دیا' چنانچہ ان کے سر مونڈ دیے گئے' پھر آپ نے ان کے بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کی۔"[3]

❀ **قزع کا مسئلہ:** سر کے بالوں سے متعلق ایک اہم ترین مسئلہ "قزع" کا ہے۔

قزع کی تعریف: قزع کا مطلب بچے کے سر کے کچھ بال منڈوا دینا اور باقی بالوں کو چھوڑ دینا ہے۔ ایسا کرنا حرام ہے' اس کی حرمت کو بڑی وضاحت کے ساتھ احادیثِ مبارکہ میں بیان کیا

---

[1] موطأ إمام مالك، العقيقة، باب ماجاء في العقيقة، حديث: 1110 والحديث مرسل

[2] جامع الترمذي، الأضاحي، باب العقيقة بشاة، حديث: 1519 والحديث حسن، انظر: الإرواء، حديث: 1175

[3] المعجم الأوسط للطبراني: 50/1 والحديث حسن، انظر الإرواء: 405/4

گیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

«أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ نَهٰى عَنِ الْقَزَعِ»

''بلاشبہ رسول اللہ ﷺ نے قزع سے منع فرمایا ہے۔''[1]

قزع کی اقسام: جس قزع سے روکا گیا ہے اس کی چار قسمیں ہیں: ① سر کے مختلف حصوں سے بال مونڈنا۔ ② درمیان سے مونڈ کر اطراف کو چھوڑ دینا۔ ③ اطراف سے مونڈ کر درمیان کو چھوڑ دینا۔ ④ اگلا حصہ مونڈ کر پچھلا حصہ چھوڑ دینا۔

قزع سے روکنے کی حکمتیں: علامہ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں' قزع سے روکنا' ہماری شریعت کے عدل و انصاف پر مبنی ہونے کی ایک دلیل ہے۔ اس سے یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم ﷺ کو عدل و انصاف کے ساتھ کس قدر گہری محبت اور کس درجہ کا لگاؤ تھا اس لیے ہر کام میں حتی کہ انسان کو اپنے آپ کے ساتھ بھی عدل و انصاف کرنے کا حکم دیا' چنانچہ انسان کو خبردار کر دیا گیا کہ اگر وہ سر کا کچھ حصہ مونڈ دے اور کچھ حصے پر بال چھوڑ دے تو یہ ظلم و زیادتی ہے کہ سر کا کچھ حصہ تو ننگا ہو اور کچھ حصہ ڈھانپا ہوا ہو۔

جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ ''ہم سورج کے سامنے اس طرح بیٹھیں کہ جسم کا کچھ حصہ دھوپ میں ہو اور کچھ حصہ سائے میں۔''[2] کیونکہ یہ بدن پر ظلم ہے۔ اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے صرف ایک پاؤں میں جوتا پہن کر چلنے سے منع فرمایا ہے[3] کیونکہ یہ پاؤں کے ساتھ ظلم ہے اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یا تو دونوں پاؤں میں جوتا پہن کر چلو

---

[1] صحيح البخاري، اللباس، باب القزع، حديث :5921 و صحيح مسلم، اللباس والزينة، باب كراهة القزع، حديث :2120

[2] سنن ابن ماجه' الأدب' باب الجلوس بين الظل والشمس' حديث: 3722' ومسند احمد:414/3

[3] صحيح البخاري' اللباس' باب لا يمشي في نعل واحدة' حديث:5855' و صحيح مسلم' اللباس والزينة' باب استحباب لبس النعل...... ' حديث:2097

پھر دیا دونوں میں نہ پہنو۔[1]

نبیٔ اکرم ﷺ کی شدید تمنا اور خواہش تھی کہ ان پر ایمان رکھنے والا ہر جاں نثار مسلمان اپنے معاشرے اور ماحول میں اس انداز سے منظرِ عام پر آئے کہ ہر دیکھنے والی آنکھ اسے صاحبِ وقار اور باعزت شخص خیال کرے اور ہر مومن ایسے کام کرے جو اس کی شان کے لائق اور اس کی معتدل طبیعت کے عین مطابق ہوں۔

سر کے کچھ حصے کا بالوں سے خالی ہونا اور کچھ حصے پر بال موجود ہونا نہ صرف بے ڈھنگے پن، بدصورتی کی علامت اور اسلامی زینت و وقار اور خوبصورتی کے خلاف ہے بلکہ ایسا کرنا اسلامی تشخص کے بھی منافی ہے۔

یہ بات انتہائی قابل افسوس ہے کہ اکثر و بیشتر والدین اور سرپرست حضرات کو ان شرعی احکام کا بالکل علم نہیں بلکہ جب ان کے سامنے ان مسائل کا ذکر کیا جائے تو وہ نہایت تعجب اور حیرت کا اظہار کرتے ہیں اور عجیب و غریب تأثرات پیش کرتے ہیں۔ ہزاروں میں سے چند لوگ ہی دیکھنے کو ملیں گے جنھیں ان باتوں کا علم ہوگا اور وہ اپنے رب کے خاص فضل و کرم اور رحمت و توفیق سے ان پر عمل پیرا ہوں گے۔

ان مسائل سے لاعلمی شریعت اسلامیہ میں ناقابلِ قبول عذر ہے۔ جو مسلمان اسلامی ماحول میں زندگی گزار رہا ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ ان مسائل کو سمجھے۔ اگر وہ ان سے واقفیت حاصل نہیں کرے گا تو قیامت کے دن اس کا اپنے آپ کو جاہل اور لاعلم ظاہر کرنا کچھ فائدہ نہ دے گا۔

تمام دینی معاملات اور اولاد کے تربیتی مسائل سے واقفیت حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ ان میں کمی و کوتاہی اور غفلت سے کام لینے والا قیامت کے دن مجرموں کی طرح کھڑا ہوگا جب کہ تمام انسان اللہ کی عدالت میں جواب دہی کے لیے موجود ہوں گے۔ اللہ ہمیں اس دن کی ہولناکی سے سلامت رکھے۔ آمین!

---

[1] تحفة المودود، ص: 101


بدعملی کے بھیانک نتائج: جن احکام ومسائل کا ہم نے ذکر کیا ہے اگر چہ ہر فرد کے لیے ان کا جاننا اور ان پر عمل کرنا مستحب اور مندوب ہے لیکن مجموعی طور پر پورے معاشرے میں ان کا ہونا ضروری ہے۔ ان احکامات کے مطابق صرف اپنی اولاد کی تربیت ونشوونما کرنا ہی انتہائی ضروری نہیں بلکہ اپنے اہل وعیال' اپنے خاندان اور دوست احباب کو بھی اس کی ترغیب دینی چاہیے کیونکہ اگر مستحب اور جائز عمل میں تساہل وغفلت سے کام لیا جائے تو یقیناً واجبات وفرائض میں بھی کوتاہی وبے پروائی کا مظاہرہ کیا جائے گا' جس کے نتیجے میں اسلامی معاشرہ بے راہ روی' آرام پرستی اور نفسانی خواہشات میں مبتلا ہو کر غفلت کی بھول بھلیوں میں بھٹک جائے گا۔ بالآخر مسلمان اسلام کی حدود سے نکل کر صریح اور واضح کفر میں داخل ہو جائیں گے۔ اسلام کے زبانی دعووں کے باوجود مسلمان کھلی گمراہی کے میدانوں میں حیران و پریشان سرگرداں رہیں گے اور بالآخر اپنے بہترین مذہب اور دستورِ حیات یعنی اسلام سے دور ہو جائیں گے۔

تنبیہ: ہر تربیت کرنے والے والدین اور سرپرست پر یہ فرض ہے کہ وہ بذات خود ان احکام پر عمل پیرا ہو اور اپنی اولاد کو بھی مستحب اعمال کا یکے بعد دیگرے عادی بنائے تاکہ اللہ کی رضا اور خوشنودی کی نعمت سے بہرہ ور ہو سکے اور اپنے قول وفعل کو اسلام کے مطابق ڈھال کر اطاعت الٰہی کی نعمت سے سرفراز ہو سکے۔

ان مسائل پر عمل کرنے سے اللہ رب العزت ہم سے راضی ہو گا اور اپنی توفیق عنایت فرماتے ہوئے مسلمانوں کو ان کے دشمنوں پر غلبہ ونصرت اور فتح وکامرانی سے سرفراز فرمائے گا۔ اسلام کے پیروکاروں کو دوبارہ ان کی عظمت رفتہ اور عروج وسربلندی عطا فرمائے گا اور ایسا کرنا اللہ کے لیے کچھ بھی مشکل اور گراں نہیں۔ وہ یقیناً ہر چیز پر قادر ہے۔

باب : دوم

نام اور کنیت رکھنے کے متعلق احکام و مسائل



- نام کب اور کیسا رکھا جائے؟
- پسندیدہ اور ناپسندیدہ ناموں کا معیار کیا ہے؟
- ناموں کے انتخاب میں ضروری ہدایات
- لقب اور کنیت رکھنے کے مسائل

نام کب رکھا جائے؟

دنیا کے ہر معاشرے میں مجموعی طور پر ایک عادت اور معمول چلا آ رہا ہے کہ پیدائش کے بعد بچے کے والدین اس کے لیے بہترین نام منتخب کرتے ہیں تاکہ عزیز و اقارب اور دوست احباب کے لیے بچے کی تمیز و شناخت ممکن ہو سکے۔ اسلام چونکہ زندگی کے ہر شعبے اور ہر پہلو کے بارے میں رہنمائی کرتا ہے' اس لیے اس نے بھی اس عمل کو سراہا اور اسے اچھی خصلت قرار دیا ہے۔ نیز اس کے بارے میں بہت سے ایسے احکام جاری کیے ہیں جن سے اس عادت کی اہمیت و ضرورت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے۔

امتِ مسلمہ کو اسلام نے ان تمام مسائل و احکام سے آگاہ کر دیا ہے جن کا تعلق نومولود بچے سے ہے اور ان خصائل و عادات سے روشناس کروایا ہے جن کی بدولت بچے کو نہ صرف معاشرے میں قدر و منزلت اور مقام و مرتبہ حاصل ہوتا ہے' بلکہ ان سے بچے کی تربیت اور پرورش میں بھی مدد ملتی ہے۔ اب ہم بچے کا نام رکھنے کے متعلق شریعت کے متعین کردہ چند احکام و مسائل کا تذکرہ کرتے ہیں۔

پیدائش کے بعد ساتویں دن بچے کا نام رکھنا مشہور و معروف ہے لیکن بعض احادیث سے اس سے قبل بھی نام رکھنے کا ثبوت ملتا ہے جیسا کہ ہم ذکر کریں گے' لہٰذا اگر اس میں تھوڑی بہت تقدیم و تاخیر ہو جائے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«كُلُّ غُلَامٍ رَهِينَةٌ بِعَقِيقَتِهِ، تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ سَابِعِهِ وَيُحْلَقُ وَيُسَمَّى»

''ہر بچہ اپنے عقیقے کے بدلے گروی ہوتا ہے' جسے اس کی طرف سے ساتویں دن ذبح کیا

جائے اور اس کا سر مونڈا جائے اور نام رکھا جائے۔“ [1]

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بچے کا نام ساتویں دن رکھا جائے لیکن بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بچے کا نام پہلے دن بھی رکھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

«أُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ أَبِي أُسَيْدٍ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ حِينَ وُلِدَ، فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهِ . . . وَأَبُوأُسَيْدٍ جَالِسٌ . . . فَلَهَا النَّبِيُّ ﷺ بِشَيْءٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَمَرَ أَبُوأُسَيْدٍ بِابْنِهِ فَاحْتُمِلَ مِنْ فَخِذِ النَّبِيِّ ﷺ، فَاسْتَفَاقَ النَّبِيُّ ﷺ فَقَالَ: أَيْنَ الصَّبِيُّ؟ فَقَالَ أَبُوأُسَيْدٍ: قَلَبْنَاهُ يَارَسُولَ اللهِ، قَالَ: مَا اسْمُهُ؟ قَالَ: فُلَانٌ، قَالَ: وَلٰكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ»

”منذر بن ابواُسید جب پیدا ہوا تو اسے نبی ﷺ کی خدمت میں لایا گیا۔ آپ نے اسے اپنی ران مبارک پر بٹھا لیا۔ اس کا باپ ابواُسید وہیں بیٹھا ہوا تھا۔ اسی اثنا میں نبی ﷺ اپنے سامنے والی جانب کسی کام میں مشغول ہوئے اور بچے کی طرف سے توجہ ہٹ گئی' تو ابواُسید نے کسی کو اپنے بیٹے کے بارے میں حکم دیا' چنانچہ بچہ نبی کریم ﷺ کی ران سے اٹھا لیا گیا۔ جب نبی ﷺ فارغ ہوئے تو پوچھا کہ بچہ کہاں ہے؟ ابواُسید نے جواب دیا: اے اللہ کے رسول! ہم نے اسے واپس بھیج دیا ہے۔ آپ نے اس سے پوچھا کہ بچے کا نام کیا ہے؟ ابواُسید نے کہا کہ اس کا فلاں نام ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں بلکہ اس کا نام منذر ہے۔“ [2]

---

[1] سنن أبي داود، الضحايا، باب في العقيقة، حديث: 2838 و جامع الترمذي، الأضاحي، باب من العقيقة، حديث: 1522

[2] صحيح البخاري، الأدب، باب تحويل الاسم إلى اسم أحسن منه، حديث: 6191 و صحيح مسلم، الآداب، باب استحباب تحنيك المولود......، حديث: 2149

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«وُلِدَ لِيَ اللَّيْلَةَ غُلَامٌ، فَسَمَّيْتُهُ بِاسْمِ أَبِي، إِبْرَاهِيمَ»

''آج رات میرے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے۔ میں نے اس کا نام اپنے جدِّ امجد ابراہیم (علیہ السلام) کے نام پر رکھا ہے۔''[1]

خلاصہ: مذکورہ بالا احادیثِ مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بچے کے نام رکھنے کے معاملے میں وسعت ہے' لہٰذا بچے کی ولادت کے پہلے دن اس کا نام رکھنا بھی جائز ہے اور اسے تین دن تک یا عقیقہ کے دن یعنی ساتویں دن تک مؤخر کرنا بھی جائز ہے نیز اس سے قبل اور اس کے بعد بھی نام رکھا جاسکتا ہے۔

---

[1] صحيح مسلم، الفضائل، باب رحمته صلی اللہ علیہ وسلم الصبيان......، حديث: 2315 و سنن أبي داود، الجنائز، باب في البكاء على الميت، حديث: 3126

پسندیدہ اور ناپسندیدہ نام

والدین اور خاندان کے سربراہوں پر لازم ہے کہ بچے کے لیے بامعنی، خوبصورت اور دلکش نام کا انتخاب کریں جو ہر صاحبِ علم اور باشعور کو پیارا لگتا ہو کیونکہ ہمارے رہبر و رہنما نبیٔ اکرم ﷺ نے اس کی ترغیب دی ہے اور حکم بھی فرمایا ہے۔

❁ **بہترین نام:** حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«إِنَّ أَحَبَّ أَسْمَائِكُمْ إِلَى اللهِ عَبْدُاللهِ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ»

''یقیناً تمہارے تمام ناموں میں سے دو نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن اللہ کو سب سے زیادہ پسند ہیں۔''[1]

❁ **ناپسندیدہ اور مکروہ نام:** شریعت اسلامی ہر اعتبار سے پاکیزہ، واضح اور شفاف ہے۔ اس نے جس طرح اپنے ماننے والوں کو دین و دنیا کے ہر شعبے میں ہمیشہ اچھے پہلو کی طرف ترغیب دی اور برے اخلاق، بری عادات، نازیبا حرکات اور غیر موزوں بات چیت سے نفرت دلائی ہے، اسی طرح اس نے ایسے ناموں سے بھی بچنے کی تلقین کی ہے جو اسلامی شخصیت و وقار اور تہذیب و تمدن میں ایک داغ کی حیثیت رکھتے ہوں۔

❁ **ناپسندیدہ اور مکروہ ناموں کی اقسام:** یہ ناپسندیدہ اور مکروہ نام چھ قسم کے ہو سکتے ہیں جنھیں ہم ذیل میں تفصیل کے ساتھ الگ الگ ذکر کریں گے۔

پہلی قسم: تربیت کرنے والوں پر لازم ہے کہ ایسے ناموں سے دور رہیں جو انتہائی قبیح اور برے ہوں جن سے آدمی کی عزت پر حرف آئے، اس کی تکریم و تعظیم مجروح ہو اور جن کی وجہ سے وہ ہر وقت استہزاء اور تمسخر کا نشانہ بنا رہے۔ اس بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

[1] صحیح مسلم، الآداب، باب النھی عن التکنی......، حدیث: 2132 و سنن أبی داود، الأدب، باب فی تغییر الأسماء، حدیث: 4949

«أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يُغَيِّرُ الِاسْمَ الْقَبِيحَ»

''نبیٔ اکرم ﷺ برے نام تبدیل کر دیتے تھے۔''[1]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

«أَنَّ ابْنَةً لِعُمَرَ كَانَتْ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ، فَسَمَّاهَا رَسُولُ اللهِ ﷺ جَمِيلَةَ»

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک لختِ جگر کا نام [عاصیه] ''نافرمانی کرنے والی'' تھا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام بدل کر [جمیله] ''خوبصورت'' رکھ دیا۔''[2]

امام ابوداود رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے درج ذیل ناموں کو تبدیل کر دیا تھا:

[اَلْعَاص] ''نافرمانی کرنے والا'' [عَزِیز] ''غالب/اللہ کی صفت'' [عَتَلَة] ''سختی اور شدت'' [شَیْطَان] ''ابلیس مردود'' [اَلْحَکَم] ''فیصلہ کرنے والا/ اللہ کی صفت'' [غُرَاب] ''خبیث پرندہ یا دوری'' [حُبَاب] ''شیطان کا نام یا سانپوں کی ایک قسم۔''

اور [شِهَاب] ''شعلۂ چنگاری'' کا نام [هِشَام] ''فیاضی وسخاوت'' رکھا۔ [حَرب] ''جنگ وجدال'' کا نام [سِلْم] ''صلح وسلامتی'' تجویز کیا۔ [مُضْطَجِع] ''لیٹنے والا'' کا نام [مُنْبَعِث] ''اٹھنے والا'' پسند فرمایا۔ [عَفِرَہ] ''بنجر زمین'' آپ نے اس کا نام [خَضِرَہ] ''سرسبز وشاداب'' رکھ دیا۔ [شِعْبُ الضَّلَالَة] ''گمراہی کی گھاٹی'' آپ نے اس کا نام [شِعْبُ الْهُدٰی] ''رہنمائی کی گھاٹی'' انتخاب فرمایا۔ [بَنُو الزِّنْيه] ''زنا کی اولاد'' کو [بَنُو الرِّشْدَة] ''بھلائی والے'' سے تبدیل کر دیا اور [بَنُو مُغْوِيَه] ''گمراہی والے'' کا نام بھی [بَنُو رِشْدَه] سے بدل دیا۔

امام ابوداود فرماتے ہیں: میں نے اختصار کے پیشِ نظر ان تمام مذکورہ ناموں والی احادیث کی

---

[1] جامع الترمذي، الأدب، باب ماجاء في تغيير الأسماء، حديث: 2839 و الحديث صحيح، انظر الصحيحة، حديث: 207

[2] صحيح مسلم، الآداب، باب استحباب تغيير الاسم......، حديث: 2139 و جامع الترمذي، الأدب، باب ماجاء في تغيير الأسماء، حديث: 2838

سندیں چھوڑ دی ہیں۔

دوسری قسم: ہر مومن کے لیے ایسے ناموں سے بچنا ضروری ہے جن سے نحوست و بدشگونی والے معانی ظاہر ہوتے ہوں تاکہ بچہ اس مصیبت سے محفوظ رہے جو اس نام کی بنا پر لوگوں کی طرف سے پیش آ سکتی ہے کیونکہ وہ اس کو منحوس سمجھنے لگ جائیں گے۔ اس بارے میں ہم ذیل میں دو احادیث پیش کرتے ہیں۔

حضرت سعید بن میبّب رحمہ اللہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں:

«أَنَّ أَبَاهُ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: حَزْنٌ، قَالَ: أَنْتَ سَهْلٌ، قَالَ: لاَ أُغَيِّرُ اسْمًا سَمَّانِيهِ أَبِي، قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ: فَمَا زَالَتِ الْحُزُونَةُ فِينَا بَعْدُ»

''بلاشبہ ان کا باپ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے اس کا نام دریافت کیا۔ اس نے جواب دیا: میرا نام [حَزْن] ''غم و پریشانی'' ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''تو اپنا نام [سَهْل] ''آسانی، سہولت، نرمی'' رکھ لے۔'' اس نے کہا: میں اپنے باپ کا رکھا ہوا نام تبدیل نہیں کر سکتا۔ سعید بن میبّب کا بیان ہے کہ اس کے بعد ہمارے گھرانے میں ہمیشہ غم واندوہ، قلق و پریشانی اور بے چینی و اضطراب موجود رہا۔''

حضرت یحییٰ بن سعید رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں:

«أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لِرَجُلٍ: مَا اسْمُكَ؟ فَقَالَ جَمْرَةُ، فَقَالَ ابْنُ مَنْ؟ فَقَالَ: ابْنُ شِهَابٍ، قَالَ: مِمَّنْ؟ قَالَ: مِنَ الْحُرْقَةِ، قَالَ: أَيْنَ مَسْكَنُكَ؟ قَالَ: بِحَرَّةِ النَّارِ، قَالَ بِأَيِّهَا؟

---

[1] سنن أبي داود، الأدب، باب في تغيير الاسم القبيح، بعد حديث: 4956

[2] صحيح البخاري، الأدب، باب اسم الحزن، حديث: 6190 و سنن أبي داود، الأدب، باب في تغيير الاسم القبيح، حديث: 4956

قَالَ: بِذَاتِ لَظًى قَالَ عُمَرُ: أَدْرِكْ أَهْلَكَ فَقَدِ احْتَرَقُوا، قَالَ فَكَانَ كَمَا قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ»

''حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی سے پوچھا: تیرا نام کیا ہے؟ اس نے کہا: [جَمْرَہ] ''آگ کا انگارہ'' پوچھا: تیرے باپ کا نام؟ اس نے کہا: [شِھَاب] ''آگ کا شعلہ'' پوچھا: قبیلے کا نام؟ کہا: [حُرُقَہ] ''آگ کا جلایا ہوا'' پوچھا: رہائش گاہ کہاں ہے؟ کہا: [حَرَّۃُ النَّارِ] ''آگ کا علاقہ'' پھر پوچھا: رہائش گاہ والی وادی کا نام؟ کہا: [ذَاتُ لَظی] ''شعلے والی'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: تو پھر جاؤ اپنے اہل وعیال کی فکر کرو۔ آگ نے انہیں جلا کر راکھ بنا دیا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ واقعی اس کا گھر بار اور اہل وعیال جس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا تباہی و بربادی کا نشانہ بن چکے تھے۔''[1]

تیسری قسم ان ناموں سے پرہیز کرنا چاہیے جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ذات بابرکت کے ساتھ خاص ہیں، لہٰذا [اَلْاَحَدُ، اَلصَّمَدُ، اَلْخَالِقُ، اَلرَّزَّاقُ] وغیرہ نام رکھنے منع ہیں۔ ہاں! ان کے ساتھ شروع میں لفظ ''عَبد'' لگا کر یہ نام رکھے جا سکتے ہیں۔

حضرت ہانی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

«إِنَّهُ لَمَّا وَفَدَ إِلٰى رَسُولِ اللهِ ﷺ مَعَ قَوْمِهِ، سَمِعَهُمْ يُكَنُّونَهُ بِأَبِي الْحَكَمِ، فَدَعَاهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ فَقَالَ: إِنَّ اللهَ هُوَ الْحَكَمُ وَإِلَيْهِ الْحُكْمُ، فَلِمَ تُكَنّٰى أَبَا الْحَكَمِ؟ فَقَالَ: إِنَّ قَوْمِي إِذَا اخْتَلَفُوا فِي شَيْءٍ أَتَوْنِي فَحَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِيَ كِلاَ الْفَرِيقَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَا أَحْسَنَ هٰذَا فَمَالَكَ مِنَ الْوَلَدِ؟ قَالَ: لِي شُرَيْحٌ وَمُسْلِمٌ وَعَبْدُاللهِ، قَالَ: فَمَنْ أَكْبَرُهُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: شُرَيْحٌ قَالَ: فَأَنْتَ أَبُوشُرَيْحٍ»

[1] موطأ إمام مالك، الاستئذان، باب ما يكره من الأسماء، حديث: 1871

”جب وہ (ہانی) اپنی قوم کے ہمراہ رسول اللہ ﷺ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے سنا کہ لوگ ان کو اَبُو الْحَکَم کی کنیت سے پکارتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے بلا کر فرمایا: ”[اَلْحَکَم] ”انصاف کے ساتھ صحیح فیصلے کرنے والا' سب کا حاکم“ تو اللہ کا نام ہے اور اس کی طرف سے ہی تمام فیصلے قرار پاتے ہیں' لہٰذا تو ”ابو الحکم“ کنیت کیوں رکھتا ہے؟“ اس نے جواب دیا: میری قوم کے لوگ جب کسی مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں تو میرے پاس آتے ہیں' میں ان کے درمیان فیصلہ کر دیتا ہوں تو دونوں فریق راضی ہو جاتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”یہ کام تو بہت بہترین ہے (لیکن یہ کنیت مناسب نہیں۔) تمھاری اولاد کتنی ہے؟“ اس نے کہا: میرے تین بچے شُرَیح، مسلم اور عبداللہ ہیں۔ آپ نے پوچھا: ”ان میں سے بڑا کون ہے؟“ اس نے جواب دیا: شُرَیح سب سے بڑا بیٹا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ”اب سے تیری کنیت ابوشریح ہے۔“

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«أَغْيَظُ رَجُلٍ عَلَى اللهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَأَخْبَثُهُ وَأَغْيَظُهُ عَلَيْهِ، رَجُلٌ كَانَ يُسَمَّىٰ مَلِكُ الأَمْلاَكِ، لاَ مَلِكَ إِلاَّ اللهُ»

”روزِ قیامت اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ' بدترین اور خبیث شخص وہ ہوگا جو خود کو مَلِكُ الْأَ مْلَاكِ یعنی شاہانِ شاہ یا شہنشاہ کہلواتا تھا کیونکہ تمام بادشاہوں کا بادشاہ تو صرف اللہ رب العزت کی مکرم و معظم اور جلیل القدر ذات ہے۔“

پانچویں قسم: ہر انسان کے لیے ضروری ہے کہ ایسے ناموں سے گریز کرے جن میں خوشحالی و برکت وغیرہ کا مفہوم ہو کیونکہ ایسے ناموں کے رکھنے میں یہ قباحت ہے کہ جب کسی دوسرے شخص سے اس

[illegible] آداب القضاة، باب إذا حكموا رجلاً فقضى بينهم، حديث: 5389 و الحديث صحيح انظر: الإرواء، حديث: 2615

صحيح مسلم، الآداب، باب تحريم التسمي بملك الأملاك......، حديث: 2143

نام والے کی بابت دریافت کیا جائے کہ کیا وہ شخص گھر میں ہے؟ اور اتفاقاً وہ شخص موجود بھی نہ ہو تو جواب میں کہا جائے گا نہیں۔ جیسے کہ پوچھا جائے کیا [یَسار] ''آسانی'' گھر میں ہے اور وہ موجود نہ ہو تو جواب ملے گا نہیں کہ [یَسار] ''آسانی'' گھر میں نہیں اور یہ صورتحال خوشحالی کے خلاف ہے۔ اس قسم کے اور نام بھی ہیں جیسا کہ [أَفْلَح] ''کامیاب'' [نَافِع] ''نفع والا'' [رَباح] ''فائدے والا'' [نَجِيح] ''کامیابی والا'' وغیرہ۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«أَحَبُّ الْكَلَامِ إِلَى اللهِ أَرْبَعٌ: سُبْحَانَ اللهِ، وَالْحَمْدُ للهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ، لَا يَضُرُّكَ بِأَيِّهِنَّ بَدَأْتَ، لَا تُسَمِّيَنَّ غُلَامَكَ يَسَارًا، وَلَا رَبَاحًا، وَلَا نَجِيحًا، وَلَا أَفْلَحَ، فَإِنَّكَ تَقُولُ: أَثَمَّ هُوَ؟ فَلَا يَكُونُ، فَيَقُولُ: لَا، إِنَّمَا هُنَّ أَرْبَعٌ فَلَا تَزِيدُنَّ عَلَيَّ»

''اللہ رب العزت کو چار کلمات [سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ] بہت زیادہ محبوب اور پسند ہیں۔ تو ان میں سے جس کلمے کے ساتھ بھی ابتدا کرے گا اس کا تجھے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ تم اپنے بیٹے کا نام یَسَار، رَبَاح، نَجِيح اور اَفْلَح وغیرہ نہ رکھو کیونکہ اگر تمہیں کسی وقت ایسے نام والے کے بارے میں یہ دریافت کرنا پڑے کہ فلاں شخص مثلاً افلح (کامیاب) وہاں موجود ہے اور وہ وہاں موجود نہ ہو تو دوسرا شخص جواب میں کہے گا کہ (افلح یعنی کامیاب شخص موجود) نہیں ہے۔ گویا گھر میں ناکام لوگ ہیں۔''

(حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ اپنے شاگرد سے کہتے ہیں) یہ صرف چار نام ہیں ان اسماء میں اضافہ کر کے انہیں میری طرف منسوب نہ کرنا۔[1]

[1] صحیح مسلم، الآداب، باب كراهية التسمية......، حديث: 2137 و سنن أبي داود، الأدب، باب في تغيير الاسم القبيح، حديث: 4958

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

«نَهٰى رَسُولُ اللهِ ﷺ أَنْ نُسَمِّيَ رَقِيقَنَا أَرْبَعَةَ أَسْمَاءٍ: أَفْلَحُ وَنَافِعٌ وَرَبَاحٌ وَيَسَارٌ»

''رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے کہ ہم اپنے غلاموں کے نام چار ناموں [اَفْلَح، نَافِع، رَبَاح اور یَسَار] میں سے کوئی ایک تجویز کریں۔''①

پانچویں قسم: اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھنے والوں کو ان ناموں سے اجتناب کرنا چاہیے جن میں لفظ ''عبد'' کو غیر اللہ کے ساتھ ملایا گیا ہو۔ مثلاً [عَبْدُالْعُزّٰی] ''عُزّیٰ کا بندہ'' [عَبْدُالْكَعْبَه] ''کعبہ کا بندہ'' [عَبْدُالنَّبِی] ''نبی کا بندہ'' وغیرہ۔ پوری امت مسلمہ کے نزدیک اس قسم کے نام رکھنا حرام ہیں۔

اعتراض: نبی اکرم ﷺ نے جنگ حنین میں کفار کے مقابلے میں یہ الفاظ کہے تھے:

«أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ»

''میں سچا نبی ہوں، جھوٹا نہیں۔ میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔''②

اگر اس قسم کے نام ممنوع ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے دادا عبدالمطلب (مطلب کا بندہ) کا نام اپنی زبانِ اطہر کے ساتھ کیوں ادا کیا؟

جواب: اس اعتراض کا جواب علامہ ابن قیم رحمہ اللہ نے یوں دیا ہے: ''آپ ﷺ کے اس قول کا تعلق نیا نام رکھنے کی جنس سے نہیں ہے بلکہ اس کا تعلق تو صرف ایسے نام کے ساتھ لوگوں کو خبردار کرنے کی جنس سے ہے کہ جس نام کے ساتھ وہ شخص مشہور ہے اور نام کا تعارف کروانے کے لیے اس انداز سے لوگوں کو کسی شخص کے بارے میں مطلع کرنا حرام نہیں ہے۔''

① سنن أبي داود، الأدب، باب في تغيير الاسم القبيح، حديث: 4959 وسنن ابن ماجه، الأدب، باب ما يكره من الأسماء، حديث: 3730 واللفظ له

② صحيح البخاري، الجهاد والسير، باب من قاد دابة غيره في الحرب، حديث: 2864 و صحيح مسلم، الجهاد، باب غزوة حنين، حديث: 1776

یہی وجہ ہے کہ نبیٔ اکرم ﷺ کے جاں نثار صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کے سامنے جاہلیت والے مشہور و معروف قبائل بنوعبد شمس، بنوعبدالدار وغیرہ کا نام لیتے تو نبیٔ اکرم ﷺ ان کو روکتے نہیں تھے۔

مختصر یہ کہ کسی نام کی خبر دینے یا اس کا تعارف کرانے میں ایسے ناموں کو اپنی زبان سے ادا کرنا جائز ہے جو ابتدائی طور پر رکھنے ممنوع اور حرام ہوں۔[1]

پانچویں قسم: تمام مسلمانوں کو ایسے ناموں سے پرہیز اور احتیاط برتنی چاہیے جن سے اسلامی قدر و منزلت اور وقار مجروح ہونے کا اندیشہ ہو نیز ان سے کفار اور غیر مسلموں کے ساتھ مشابہت کا پہلو نکلتا ہو یا ان الفاظ سے ہلاکت و عذاب یا تاوان جیسے معانی کا اظہار ہوتا ہو مثلاً: [هَيَام] ''مستانہ' دیوانہ'' [هَيْفَاء] ''پتلی کمر والی' محبت کا پیاسا۔'' [سَوْسَن] ''خوشبودار بوٹی'' [مَيَادَة] جھوم جھوم کر' ناز ونخرے سے مٹک مٹک کر چلنے والی عورت [ناریمان] چمک دار چہرے اور روشن جسم والی عورت [غَادَة] نرم و نازک عورت' چڑھتی جوانی والی عورت [أَحْلَام] پراگندہ خواب دیکھنے والی ذات وغیرہ۔ اس قسم کے تمام ناموں سے اجتناب اور پرہیز کرنا چاہیے۔

حکمت: ایسے ناموں سے بچنے کی وجہ اور حکمت یہ ہے کہ امت مسلمہ' اپنی شخصیت اور ذات میں ممتاز اور نمایاں نظر آئے۔ اپنی خصوصیات و ذاتیات کے ساتھ اس کا تعارف ہو۔ جبکہ ان مذکورہ ناموں سے نہ صرف اسلامی شخصیت کا وقار مجروح اور پامال ہوتا ہے بلکہ اس کے معتبر و مقبول ہونے سے ترقی کے بجائے تنزلی اور پستی کا سامنا کرنے کا اندیشہ ہوتا ہے اور حقائق و معنویت سے بھرپور اسلامی شریعت و نظام کمزور و بے معنی دکھائی دینے لگتے ہیں۔ آج جب کہ امت مسلمہ پستی و تنزلی اور زوال کا شکار ہے' اس کا شیرازہ بکھرتا جا رہا ہے اور ہر دشمن اس پر قبضہ جمانے کی کوشش میں ہے۔ باعزت مسلمانوں کو ذلیل و رسوا کرنا' ان کی حرمت کو پامال کرنا اور ان کی عزت و عفت کی دھجیاں بکھیرنا اس کے لیے انتہائی آسان ہو گیا ہے' تو ایسی صورت میں ہمیں ان تمام خطرات کے مقابلے میں ہر قدم بڑی احتیاط سے

[1] تحفة المودود' ص: 112' بتغير يسير۔

پھونک پھونک کر رکھنے کی ضرورت ہے۔ زندگی کے ہر پہلو میں اپنی لغزشوں کو چھوڑ کر پوری توجہ کے ساتھ نبوی طریق کار اور اسوۂ حسنہ پر عمل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اللہ ہی سے ہم التجا کرتے ہیں کہ اے مولا کریم! تیرے پاس ہر قوت وطاقت کے خزانے ہیں، ہمیں مدد وتعاون نصیب فرما! اور اس قسم کے ناموں سے حتی الوسع اجتناب اور گریز کرنے اور ہر ممکن جدوجہد کرنے کی توفیق نصیب فرما۔

ایک جامع حدیث شریف: ایسے حالات میں یہ بات ہرگز عجیب محسوس نہ ہوگی کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی امت کو یہ خصوصی ارشادات کیوں فرمائے کہ اپنے نام انبیاء علیہم السلام کے ناموں کی طرح رکھو اور وہ نام پسند کرو جن سے اللہ کی بندگی اور عبودیت کا اظہار ہوتا ہو۔ حضرت ابو وہب جشمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«تَسَمَّوْا بِأَسْمَاءِ الأَنْبِيَاءِ، وَأَحَبُّ الأَسْمَاءِ إِلَى اللهِ: عَبْدُاللهِ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ، وَأَصْدَقُهَا حَارِثٌ وَهَمَّامٌ، وَأَقْبَحُهَا حَرْبٌ وَمُرَّةٌ»

''تم انبیائے کرام علیہم السلام والے نام رکھا کرو اور اللہ کو تمام ناموں میں سے دو نام یعنی عبداللہ اور عبدالرحمٰن زیادہ محبوب ہیں اور تمام ناموں میں سب سے زیادہ صداقت وسچائی کا اظہار کرنے والے بھی دو نام ہیں: [حَارِث] ''کمائی کرنے والا'' [هَمَّام] ''سوچ وبچار میں مشغول رہنے والا'' اور قبیح ترین' بدصورت اور بدترین نام بھی دو ہیں: [حَرْب] ''جنگ'' اور [مُرَّة] ''کڑوا''۔''[1]

یقیناً اس خوبی سے امت محمدیہ زندگی کے ہر شعبے میں دوسری امتوں سے فائق ہوگی اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بہترین امت بن جائے گی جسے لوگوں کے لیے پیدا کیا گیا ہے تاکہ وہ انسانیت کی رشد وہدایت اور اسلام کے بنیادی قوانین وضوابط کی طرف رہنمائی کرے۔

[1] سنن أبي داود، الأدب، باب في تغيير الأسماء، حديث: 4950 ومسند أحمد: 345/4 والحديث صحيح دون قوله: تسموا بأسماء الأنبياء، انظر: الإرواء، حديث: 1178 والصحيحة، حديث: 1040

کنیت رکھنے کے احکام و مسائل

نومولود بچے کے لیے اسلام کے متعین کردہ ابتدائی مراحل میں سے ایک مرحلہ کنیت رکھنے کے بارے میں ہے کہ اسے کنیت سے بھی پکارا جا سکتا ہے۔

احادیثِ مبارکہ سے بچے کی کنیت رکھنا ثابت ہے اور عقلی طور پر بھی اس کے بہت سے عظیم فوائد دیکھنے میں آئے ہیں۔ اس سے بچے کی طبیعت پر انتہائی عمدہ، قیمتی اور گراں قدر اثرات مرتب ہوتے ہیں جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

- بچے کے دل میں ابتدا ہی سے اپنی شخصیت کے بارے میں عظمت و احترام اور عزت و تکریم کا شعور پیدا ہو جاتا ہے اور اس کے دل میں قابلِ احترام شخصیت بن کر منظر عام پر آنے کا جذبہ و شوق رچ بس جاتا ہے جیسا کہ ایک شعر بھی اسی مفہوم کی عکاسی کرتا ہے:

أُكَنِّيهِ حِينَ أُنَادِيهِ لأُكْرِمَهُ

وَلاَ أُلَقِّبُهُ وَالسَّوْءَةُ اللَّقَبُ

''جب میں اسے عزت و احترام کے طور پر پکارتا ہوں تو اسے کنیت سے یاد کرتا ہوں اور لقب کا ذکر نہیں کرتا کیونکہ وہ باعثِ عزت نہیں۔'' [1]

- بچے کی اجتماعی شخصیت اجاگر ہوتی ہے کیونکہ اپنی کنیت سن کر اس کے ذہن میں یہ احساس و شعور پیدا ہوتا ہے کہ اس نے بھی بڑے لوگوں کے مرتبے کو پہنچنا ہے اور ایک نہ ایک دن قابلِ احترام شخصیت بننا ہے۔
- بچہ انتہائی عمدہ و پاکیزہ آداب و اخلاق کا خوگر اور عادی بن جاتا ہے اور بڑوں کا ادب و احترام کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ہم جولیوں سے بھی ادب و احترام اور محبت و شفقت کا

---

[1] تحفة المودود، ص: 127

مظاہرہ کرتا ہے۔

❁ **احادیث مبارکہ سے ثبوت:** مذکورہ بالا فوائدِ جلیلہ اور مقاصدِ عظیمہ کے حصول کے لیے نبیٔ کریم ﷺ بچوں کو کنیت کے ساتھ پکارتے تھے تاکہ تربیت کرنے والوں کو معلوم ہو کہ یہ کام جائز ہے اور اپنے اندر کئی حکمتوں کو سموئے ہوئے ہے۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ہم اپنے ہادی و مرشد اور رہبر و رہنما' پیکرِ خوبی و کمال' پیغمبر آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کے طریقے کو اپنائیں اور ان کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے اپنے بچوں کی کنیتیں رکھیں اور پھر ان کنیتوں کے ساتھ اپنے بچوں کو پکاریں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

«كَانَ النَّبِيُّ ﷺ أَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا، وَكَانَ لِي أَخٌ يُقَالُ لَهُ: أَبُوعُمَيْرٍ، قَالَ: أَحْسِبُهُ فَطِيمًا، وَكَانَ إِذَا جَاءَ قَالَ: يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟ نُغَيْرٌ كَانَ يَلْعَبُ بِهِ»

''نبیٔ اکرم ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ اخلاقِ حسنہ کے مظہر تھے۔ میرا ایک بھائی تھا جسے ابو عُمَیر کہا جاتا تھا۔ (راوی کہتا ہے) میرا گمان ہے کہ اس بچے کا دودھ کچھ عرصہ پہلے ہی چھڑایا گیا تھا۔ جب آپ اس کے پاس تشریف لاتے تو اسے پکار کر کہتے: ''اے ابو عُمَیر' نُغَیر کا کیا حال ہے؟'' نغیر ایک پرندہ تھا جس کے ساتھ وہ کھیلا کرتا تھا۔''[1]

❁ **صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طریق کار:** نبیٔ اکرم ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اجازت عطا فرمائی کہ وہ اپنی کنیت ''اُمِّ عبداللہ'' رکھ لیں' حالانکہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ آپ کی بہن اسماء بنت ابوبکر کے لختِ جگر تھے۔[2]

❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوحمزہ مشہور تھی جب کہ ان کے ہاں ابھی کوئی اولاد نہ تھی۔

---

[1] صحيح البخاري، الأدب، باب الكنية للصبي......، حديث: 6203 وصحيح مسلم، الآداب، باب جواز تكنية......، حديث: 2150

[2] سنن أبي داود' الأدب' باب في المرأة تكنى' حديث: 4970' وهو في الصحيحة' حديث: 132

* حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو ان کی کنیت سے پکارا جاتا تھا ان کا نام عبدالرحمن تھا حالانکہ ان کی اس وقت تک کوئی اولاد نہ تھی۔

* صاحب اولاد اپنی اولاد کے علاوہ کسی اور نام کے ساتھ بھی کنیت رکھ سکتا ہے، جیسا کہ چند مثالیں درج ذیل ہیں:

(أ) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی کنیت سے مشہور ہیں، حالانکہ ان کے کسی بیٹے کا نام ''بکر'' نہ تھا۔

(ب) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو حفص تھی، حالانکہ ان کی اولاد میں کسی کا نام ''حفص'' نہ تھا۔

(ج) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ اپنی کنیت ابوذر سے مشہور تھے لیکن ان کے کسی لخت جگر کا نام ''ذر'' نہ تھا۔

(د) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو سلیمان تھی حالانکہ ان کے بیٹوں میں سے کسی کا نام ''سلیمان'' نہ تھا۔[1]

اسی طرح اور بھی بہت سی مثالیں ملتی ہیں لیکن ہم نے اختصار کے پیش نظر چند ایک کا ذکر کیا ہے۔ ان دلائل کو سامنے رکھتے ہوئے ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ نومولود کی کنیت رکھنا مستحب ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پسند فرمایا ہے۔ اسی طرح بڑوں کے لیے بھی کنیت رکھنا مستحب ہے۔ اور کنیت رکھنے کے لیے یہ لازمی نہیں کہ انسان صاحب اولاد ہو اور یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ صرف اپنی اولاد ہی کے نام سے کنیت رکھے۔

---

[1] تحفة المودود، ص: 127

نام، لقب اور کنیت سے متعلق دیگر احکام و مسائل

❁ **نام کے انتخاب میں والدین کا اختلاف:** بچے کا نام تجویز کرنے میں اگر والدین کا آپس میں اختلاف ہو جائے تو پھر باپ کی رائے کو ترجیح دی جائے گی کیونکہ نام کا انتخاب کرنا باپ کی ذمہ داری ہے' جیسا کہ مذکورہ کئی احادیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے اور قرآنِ مجید میں بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے کہ لڑکے کا نسب باپ کی طرف منسوب ہوگا نہ کہ ماں کی طرف' چنانچہ اللہ ذوالجلال نے فرمایا:

﴿ ٱدْعُوهُمْ لِآبَآئِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ ٱللَّهِ ﴾

''اُن (غلاموں) کو ان کے باپوں کی طرف نسبت کر کے آواز دو۔ اللہ کے نزدیک یہی بات انصاف والی اور برحق ہے۔'' [1]

اسی طرح گذشتہ صفحات میں یہ حدیث بیان کی جا چکی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

«وُلِدَ لِيَ اللَّيْلَةَ غُلاَمٌ ، فَسَمَّيْتُهُ بِاسْمِ أَبِي ، إِبْرَاهِيمَ»

''آج رات میرے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا ہے میں نے اس کا نام اپنے جدِّ امجد ابراہیم علیہ السلام کے نام پر رکھا ہے۔'' [2]

❁ **برے القاب:** بچے کو برے اور قابلِ مذمت القاب کے ساتھ پکارنا والدین اور دوسرے لوگوں کے لیے قطعاً جائز نہیں مثلاً: ٹھگنا' بونا' بھینگا' گونگا' بھونرا اور گبریلا وغیرہ۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

---

[1] الأحزاب:5/33

[2] صحیح مسلم، الفضائل، باب رحمته صلی اللہ علیہ وسلم الصبیان......، حدیث : 2315 و سنن أبی داود، الجنائز، باب في البكاء على الميت، حديث : 3126

﴿وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ﴾

''ایک دوسرے کو برے القاب کے ساتھ نہ پکارو۔''[1]

کیونکہ لڑکے پر برے القاب کی وجہ سے اچھا اثر مرتب نہیں ہوگا اور اس کے دل میں احساسِ کمتری اور اپنے ماحول سے بغاوت پیدا ہوگی جس کے نتیجے میں معاشرہ بری طرح متاثر ہوگا۔

نبی کریم ﷺ کا نام اور کنیت رکھنا: علمائے کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نبی اکرم ﷺ کا نام اپنی اولاد کے لیے منتخب کرنا جائز ہے کیونکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

«وُلِدَ لِرَجُلٍ مِّنَّا غُلَامٌ، فَسَمَّاهُ مُحَمَّدًا، فَقَالَ لَهُ قَوْمُهُ: لَا نَدَعُكَ تُسَمِّي بِاسْمِ رَسُولِ اللهِ ﷺ، فَانْطَلَقَ بِابْنِهِ حَامِلَهُ عَلٰى ظَهْرِهِ، فَأَتٰى بِهِ النَّبِيَّ ﷺ، فَقَالَ: يَارَسُولَ اللهِ! وُلِدَ لِي غُلَامٌ، فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا، فَقَالَ لِي قَوْمِي: لَا نَدَعُكَ تُسَمِّي بِاسْمِ رَسُولِ اللهِ ﷺ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي، فَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ، أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ»

''ہم میں سے ایک آدمی کے ہاں لڑکا پیدا ہوا' اس نے اپنے بچے کا نام ''محمد'' رکھ دیا تو اس کی قوم کے لوگ کہنے لگے کہ ہم تجھے نہیں چھوڑیں گے کیونکہ تو نے اللہ کے رسول ﷺ کا نام اپنے بیٹے کے لیے رکھا ہے۔ اس صحابی نے بیٹے کو اپنی پشت پر اٹھایا اور نبی اکرم ﷺ کی خدمتِ عالیہ میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگا کہ اے اللہ کے رسول! اللہ نے مجھے لڑکا عطا کیا تو میں نے اس کا نام ''محمد'' رکھا۔ اب میری قوم مجھے کہتی ہے کہ ہم تجھے نہیں چھوڑیں گے کیونکہ تو نے رسول اللہ ﷺ کے نام پر اپنے بیٹے کا نام رکھا ہے' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرا نام رکھ لیا کرو لیکن میری کنیت نہ رکھو کیونکہ میں قاسم (تقسیم کرنے والا) ہوں اور

[1] الحجرات: 11/49

اللہ کا دیا ہوا فضل (وحی کا علم) تمھیں تقسیم کرتا ہوں۔'' [1]

اس حدیث میں کنیت رکھنے سے جو منع کیا گیا ہے' اکثر علماء کے نزدیک اس کا تعلق آپ کی زندگی سے تھا۔ لیکن آپ ﷺ کی وفات کے بعد ''ابو القاسم'' کنیت رکھنا بھی جائز ہے جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے جس میں وہ فرماتے ہیں:

«قُلْتُ يَارَسُولَ اللهِ! إِنْ وُلِدَ لِي مِنْ بَعْدِكَ وَلَدٌ أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ بِكُنْيَتِكَ؟ قَالَ: نَعَمْ»

''میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! اگر آپ کی وفات کے بعد میرے ہاں کوئی بیٹا پیدا ہو تو کیا میں اس کا نام اور کنیت آپ کے نام و کنیت پر رکھ لوں تو آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے۔'' [2]

حمید بن زنجویہ کتاب الادب میں لکھتے ہیں کہ میں نے ابن ابی اویس سے سوال کیا کہ امام مالک رحمہ اللہ کا اس شخص کے بارے میں کیا فتویٰ تھا جو نبیٔ اکرم ﷺ کا نام اور کنیت دونوں رکھ لے' تو انھوں نے ایک بزرگ کی طرف اشارہ کیا جو ہماری مجلس میں شریک تھا اور کہنے لگے کہ یہ محمد بن مالک ہے۔ امام مالک نے اس کا نام محمد اور کنیت ابوالقاسم رکھی تھی۔ اور امام مالک رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ آپ کا نام و کنیت جمع کرنا صرف آپ کی زندگی میں ممنوع تھا اور اس ممانعت کی وجہ یہ تھی کہ اگر کوئی شخص کسی کو (مثلاً اپنے بیٹے کو) محمد ابوالقاسم کہہ کر آواز دیتا اور نبی ﷺ قریب ہی کہیں موجود ہوتے تو بلاوجہ آپ کو اس کی طرف متوجہ ہونا پڑتا اور اب اس کا خطرہ و اندیشہ موجود نہیں ہے' لہٰذا میرے نزدیک ایسا کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اس لیے یہی قول راجح ہے۔

---

[1] صحیح البخاری، فرض الخمس، باب قوله تعالى ﴿فأن لله خمسه وللرسول﴾ ......، حديث: 3114 و صحیح مسلم، الآداب، باب النهي عن التكني......، حديث: 2133 واللفظه له

[2] سنن أبي داود، الأدب، باب في الرخصة في الجمع بينهما، حديث: 4967 وجامع الترمذي، الأدب، باب ماجاء في كراهية الجمع......، حديث: 2843 والحديث صحيح، انظر: صحيح أبي داود: 220/3

بہر حال آج کے دور میں نبیٔ اکرم ﷺ کا نام اور کنیت ''ابوالقاسم'' دونوں رکھنا جائز ہے کیونکہ منع کرنے والی احادیث کا تعلق نبیٔ اکرم ﷺ کی زندگی کے ساتھ تھا تاکہ اس التباس واشتباہ کے خدشے اور اندیشے سے بچا جا سکے جو بوقتِ ندا و پکار پیش آ سکتا تھا۔

❁ والدین متوجہ ہوں! مذکورہ بالا تفصیلات کو مدنظر رکھتے ہوئے والدین کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی اولاد کا نام منتخب کرنے میں پوری احتیاط سے کام لیں اور ایسے ناموں سے اجتناب کریں جو بچے کی قدر و منزلت میں کمی کا باعث بنیں اور جن سے بچے کی عزتِ نفس مجروح ہو اور ان کی ذہنی سوچ پر کسی قسم کی زد پڑے۔

والدین پر یہ بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اپنے رہبر و رہنما، مقتدیٰ و پیشوا، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت و عمل کو نمونہ بناتے ہوئے اپنی اولاد کی کنیت رکھیں اور بچپن ہی میں ایسی پیاری اور محبوب کنیت کا انتخاب کریں جو دلوں کو موہ لے، کانوں کو خوشگوار اور پرکشش لگے کہ بچہ شروع ہی سے اپنی شخصیت کو سمجھ لے۔ بچوں کے دلوں میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ محبت وعقیدت اور پیار والفت کرنے کا جذبہ وشوق پیدا ہوتی کہ جب وہ بڑے ہو جائیں تو اپنے گردوپیش میں ہر چھوٹے بڑے کے ساتھ ادب واحترام کے ساتھ گفتگو کریں اور ساتھیوں سے نرمی ولطافت کا مظاہرہ کریں۔

لہٰذا تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ عظیم و بے مثال اور لازوال اسلامی منہج وطریقِ کار کے خوگر بنیں اور اسلامی خطوط پر اپنی اولاد کی تربیت کریں کیونکہ اتباعِ رسول ہی سے ہمیں ملتِ اسلامیہ کی عظمتِ رفتہ اور رفعتِ گم گشتہ اور فطری مقام ومرتبہ دوبارہ مل سکتا ہے۔

یقیناً یہ کام اللہ کے لیے کچھ مشکل نہیں بشرطیکہ ہم مخلص ہو جائیں۔ اللہ کی رضا کے لیے اپنے آپ کو اسلامی سانچے میں ڈھال کر، اسلامی تعلیمات کا لبادہ اوڑھ کر زندگی گزاریں۔ اپنا تعلق و رابطہ قرآن و حدیث کی روشن تعلیمات کے ساتھ استوار رکھیں اور اپنی جھولیاں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ہدایات کے پھولوں کے ساتھ بھر لیں۔ اِن مہکتے پھولوں کی خوشبو سے اپنے دماغ کو ہر وقت معطر اور تر و تازہ رکھیں اور اپنی طبیعتوں اور مزاجوں کو ان کے مطابق ڈھال کر عمل کی روشنیوں سے کائنات کو منور کر دیں۔ ان شاء اللہ ہم اپنی گم شدہ رفعتوں کو پھر سے حاصل کر لیں گے۔



اسماء الحسنیٰ / اللہ تعالیٰ کے نام



- قرآن وحدیث میں مذکور اسماء الحسنیٰ
- اسماء الحسنیٰ کے معانی و مفہوم
- مکمل تحقیق اور تخریج
- کل تعداد: 142

اسماء الحسنیٰ

اسماء الحسنیٰ میں سے جس اسم کے معنی آپ کو زیادہ پسند ہوں اس کے شروع میں درج ذیل الفاظ میں سے کوئی لفظ لگا کر نام رکھا جا سکتا ہے: عبد، مطیع، عبید، حمود، شمس، نجم، قمر، ذاکر، شاکر، سیف، خلیق، حبیب، امین، عزیز، شفیق، حفیظ، سعید، فضل، محبّ، مجیب، اسد، منیب، ساجد، حمید وغیرہ

اَللّٰه	معبود	یہ اللہ تعالیٰ کے ذاتی نام کے طور پر قرآن مجید میں 2697 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الفاتحة : 1/1)
اَلْأَحَد	ایک	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الإخلاص . 1/112)
اَلْآخِر	سب سے آخر	یعنی کائنات کے فنا ہو جانے کے بعد باقی رہ جانے والا۔ یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الحدید : 3/57)
اَلْأَعْلٰی	بلند	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الأعلیٰ . 1/87)
اَ لْإِلٰه	معبود	قرآن پاک میں بکثرت استعمال ہوا ہے۔ (البقرة: 133/2)
اَلْأَوَّل	سب سے پہلے	یعنی کائنات میں سب سے پہلے۔ یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الحدید: 3/57)
اَلْبَارِی	بنانے والا' پیدا کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرة : 54/2)
اَلْبَاسِط	کشادگی کرنے والا	جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507 وسنن ابن ماجه' الدعاء' حدیث:3861

اَلْبَاطِنُ	ہر چیز کا اندرونی حصہ، پوشیدہ	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الحدید: 3/57)
اَلْبَاعِثُ	بھیجنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507 و سنن ابن ماجه' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْبَاقِي	باقی رہنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)
اَلْبَدِيعُ	بغیر نمونہ کے نئی چیز بنانے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرة: 117/2)
اَلْبَرُّ	محسن، نیکی کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الطور: 28/52)
اَلْبَصِيرُ	دیکھنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 42 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرة: 96/2)
اَلتَّوَّابُ	بہت رجوع کرنے والا، توبہ قبول کرنیوالا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 11 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرة: 37/2)
اَلْجَامِعُ	جمع کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(آل عمران:9/3)
اَلْجَبَّارُ	تسلط والا، زبردست	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الحشر. 23/59)
اَلْجَلِيلُ	جلال والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)
اَلْحَسِيبُ	نگران، حساب لینے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(النساء: 6/4)
اَلْحَفِيظُ	نگہبان	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(سبا: 21/34)
اَلْحَقُّ	ثابت، جس کا وجود برحق ہے	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 9 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(النور: 25/24)
اَلْحَكَمُ	حاکم، فیصلہ کرنے والا	(سنن أبی داود' الأدب' حدیث: 4955' و جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)

اَلْحَکِیْم	حکمت و دانائی والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 94 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 2/ 32)
اَلْحَلِیْم	درگزر کرنے والا، بردبار	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 11 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ:2/ 225)
اَلْحَمِیْد	تعریف کیا گیا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 17 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرۃ: 2/ 267)
اَلْحَنَّان	مہربان	(مسند أحمد: 3/ 230)
اَلْحَیّ	زندہ رہنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 5 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرۃ:2/ 255)
حَیِیٌّ	بہت زیادہ حیا والا	(جامع الترمذی، الدعوات، حدیث: 3556)
اَلْخَافِض	ذلیل کرنے والا	(جامع الترمذی، الدعوات، حدیث: 3507 و سنن ابن ماجہ، الدعاء، حدیث: 3861)
اَلْخَالِق	پیدا کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 8 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الأنعام:6/ 102)
اَلْخَبِیْر	حقیقتِ احوال سے واقف اور آگاہ	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 45 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ:2/ 234)
اَلْخَلَّاق	بہت زیادہ پیدا کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الحجر: 15/ 86)
اَلدَّیَّان	قاضی، غلبہ والا، حاکم، حساب لینے والا	(صحیح البخاری، التوحید، قبل حدیث: 7481)
ذُو الْجَلَالِ وَالْإِکْرَام	عظمت و بزرگی اور عزت والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الرحمٰن: 55/ 27)
ذُو الرَّحْمَۃ	رحمت والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الأنعام: 6/ 133)
ذُو الطَّوْل	احسان والا، مہربانی کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(المؤمن: 40/ 3)

ذُو الْعَرْش	عرش والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 4 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (المؤمن: 15/40)
ذُو عِقَاب	سزا دینے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(حٰمٓ السجدۃ: 43/41)
ذُو الْفَضْل	فضل کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 13 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 105/2)
ذُو الْقُوَّة	قوت والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الذّاریات: 58/51)
ذُو الْمَغْفِرَة	بخشنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الرّعد: 13/6)
اَلرَّافِع	بلند کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(آل عمران: 55/3)
اَلرَّؤُف	شفقت کرنیوالا' بہت مہربانی کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 10 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 143/2)
اَلرَّب	پالنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 968 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الفاتحۃ: 2/1)
اَلرَّحْمٰن	مہربان	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 57 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الفاتحۃ: 1/1)
اَلرَّحِیْم	رحم کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 114 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الفاتحۃ: 1/1'3)
اَلرَّزَّاق	بہت زیادہ رزق دینے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الذاریات: 58/51)
اَلرَّشِیْد	ہدایت یافتہ' ہدایت کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)
رَفِیْعُ الدَّرَجَات	درجات بلند کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(المؤمن: 15/40)
اَلرَّقِیْب	نگران	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(النساء: 1/4)

سُبْحَان	عیوب اور نقائص سے پاک	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 41 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(یوسف: 108/12)
سِتِّیر	پردہ پوشی کرنے والا	(سنن النسائی' الغسل' حدیث: 406)
اَلسَّلَام	سلامتی	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں ایک مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الحشر: 23/59)
اَلسَّمِیع	دور اور نزدیک سے سننے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 47 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 127/2)
اَلشَّافِی	شفا دینے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3419)
اَلشَّاکِر	قدردان	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 158/2)
اَلشَّکُور	قدردان	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 4 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(فاطر: 30/35)
اَلشَّھِید	حاضر' گواہ	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 19 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(آل عمران: 98/3)
اَلصَّبُور	بردبار' تحمل والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)
اَلصَّمَد	بے نیاز	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الإخلاص:2/112)
اَلضَّار	نقصان پہنچانے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)
اَلظَّاھِر	غالب' واضح	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الحدید: 3/57)
اَلْعَدْل	انصاف کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)
اَلْعَزِیز	غالب' زبردست	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 89 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 129/2)

اَلْعَظِيم	بہت عظمت والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 6 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 2/ 255)
اَلْعَفُوّ	معاف کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (النساء: 4/ 43)
اَلْعَلَّام	بہت زیادہ جاننے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 4 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(المائدۃ: 5/ 109)
اَلْعَلِيّ	بلند' شریف' سخت	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 8 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرۃ:2/ 255)
اَلْعَلِيم	بہت زیادہ جاننے والا' وسیع علم رکھنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 153 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ : 2/ 95,32,29)
اَلْغَافِر	بخشنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(المؤمن: 40/ 3)
اَلْغَالِب	غالب	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(یوسف: 12/ 21)
اَلْغَفَّار	بہت زیادہ معاف کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 5 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(طٰہٰ: 20/ 82)
اَلْغَفُور	بخشنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 91 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 2/ 173)
اَلْغَنِيّ	بے پروا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 18 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 2/ 263)
اَلْفَاطِر	پیدا کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 6 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الأنعام: 6/ 14)
اَلْفَالِق	پھاڑنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الأنعام: 6/ 95)
اَلْفَتَّاح	کھولنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(سبا: 34/ 26)
اَلْقَابِض	کمی کرنے والا' پکڑنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507' وسنن ابن ماجہ' الدعاء' حدیث:3861)

قَابِلُ التَّوب	توبہ قبول کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (المؤمن: 3/40)
اَلْقَادِر	قدرت والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 7 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الأنعام:37/6)
اَلْقَاضِی	فیصلہ کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3419)
اَلْقَاهِر	غالب' بلند	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الأنعام: 61,18/6)
اَلْقُدُّوس	ہر نقص وعیب سے پاک ذات	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الحشر: 23/59)
اَلْقَرِیب	نزدیک	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (هود: 61/11)
اَلْقَوِیّ	مضبوط' طاقت ور' زوردار	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 9 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الأنفال: 52/8)
اَلْقَهَّار	بہت زیادہ قہر اور غصے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 6 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (یوسف: 39/12)
اَلْقَیَّام	ہر چیز کا نگہبان	(صحیح البخاری' التوحید' حدیث: 7442 وجامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3418)
اَلْقَیِّم	متولی' منتظم	(صحیح البخاری' التہجد' حدیث: 1120 والتوحید' حدیث: 7499)
اَلْقَیُّوم	قائم ودائم' ہمیشہ رہنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرة:255/2)
اَلْکَبِیر	بہت بڑا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 6 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الحج: 62/22)
اَلْکَرِیم	صاحبِ کرم	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (النمل:40/27)
اَلْکَفِیل	ذمہ دار' ضامن	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (النحل. 91/16)

اَللَّطِيْف	باریک سے باریک امور کو جاننے والا، انسانوں کیساتھ بھلائی اور احسان کرنیوالا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 7 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الأنعام: 103/6)
اَلْمَاجِد	بزرگی والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507 وسنن ابن ماجه' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْمَالِك	مالک	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(آل عمران: 26/3)
اَلْمَانِع	روکنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507 وسنن ابن ماجه' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْمُؤَخِّر	سب سے آخر	(صحیح البخاری' الدعوات' حدیث: 6317)
اَلْمُؤْمِن	امن دینے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الحشر. 23/59)
اَلْمُبْدِئُ	پیدا کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507 وسنن ابن ماجه' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْمُتَعَال	بلند	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الرَّعد: 9/13)
اَلْمُتَعَالِي	بلند	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)
اَلْمُتَكَبِّر	کبریائی والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الحشر: 23/59)
اَلْمُتَوَفِّي	پورا پورا لینے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(آل عمران: 55/3)
اَلْمَتِيْن	مضبوط' قوی	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الذّاریات: 58/51)
اَلْمُجِيْب	قبول کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 7 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(هود: 61/11)

اَلْمَجِیدُ	بزرگی والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(ھود: 11/73 و البروج: 85/15)
اَلْمُحْصِی	شمار کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)
اَلْمُحْیِی	زندہ کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(حٰم سجدۃ: 41/39)
اَلْمُخْرِج	نکالنے والا' عیاں کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرۃ: 2/72)
اَلْمُخْزِی	رسوا کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (التوبۃ: 9/2)
اَلْمُذِلُّ	ذلت دینے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507' و سنن ابن ماجہ' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْمُصَوِّر	تصویر بنانے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(الحشر: 59/24)
اَلْمُعِزّ	عزت دینے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507 و سنن ابن ماجہ' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْمُعْطِی	دینے والا	(سنن ابن ماجہ' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْمُعِید	لوٹانے والا' دوبارہ پیدا کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507 و سنن ابن ماجہ' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْمُغْنِی	مالدار کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)
اَلْمُقْتَدِر	قوی ہونا' قدرت والا ہونا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(القمر: 54/42'55)
اَلْمُقَدِّم	سب سے پہلے	(صحیح البخاری' الدعوات' حدیث: 6317)
اَلْمُقْسِط	انصاف کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)

اَلْمُقِيْتُ	قدرت رکھنے والا' روزی دینے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)
اَلْمَلِكُ	بادشاہ' حکمران	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 5 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(طٰہٰ: 114/20)
اَلْمَلِيْكُ	بادشاہ	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (القمر: 55/54)
اَلْمُمِيْتُ	مارنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)
اَلْمَنَّانُ	بہت احسان کرنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3544)
اَلْمُنْتَقِمُ	انتقام لینے والا	صفتِ الٰہی کے طور پر 4 مرتبہ قرآن میں اس معنی کے لیے لفظ ''ذوانتقام'' استعمال ہوا ہے لیکن یہ نام حدیث میں مذکور ہے۔(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)
اَلْمُنْعِمُ	انعام اور احسان کرنے والا	یہ صفاتی نام(اَنْعَمْتَ)سورۂ فاتحہ سے ماخوذ ہے۔جیسے ''مُحسِن''(اَحْسَنَ اللّٰہ) سے ماخوذ ہے۔ (القصص:77/28)
اَلْمُنْزِلُ	اتارنے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3400)
اَلْمُهَيْمِنُ	نگران' مخلوق کے اعمال کا خیال رکھنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (الحشر: 23/59)
اَلْمُوَفِّي	پوراپورا بدلہ دینے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 1 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(ھود:109/11)
اَلنَّصِيْرُ	مددگار	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 4 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرۃ: 107/2)
اَلنُّوْرُ	روشنی کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 5 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(النور: 35/24)
اَلْهَادِي	ہدایت دینے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث:3507)

اَلْوَارِث	وارث' مالک	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)
اَلْوَاحِد	ایک' یکتا' منفرد	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 22 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(البقرة:2/133)
اَلْوَاجِد	ہر چیز کو پانے والا	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507 و سنن ابن ماجه' الدعاء' حدیث: 3861)
اَلْوَاسِع	بہت دینے والا' کشادگی والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 9 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرة: 2/115)
اَلْوَالِی	مالک' حاکم	(جامع الترمذی' الدعوات' حدیث: 3507)
اَلْوَحِید	اکیلا	یہ صفاتی نام "اَلْاَحد" اور "اَلْوَاحِد" کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور اس اعتبار سے یہ صحیح ہی معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم
اَلْوَدُوْد	محبت کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 2 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (هود: 11/90 والبروج: 85/14)
اَلْوَکِیل	کارساز	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 14 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (آل عمران: 3/173)
اَلْوَلِیّ	حافظ' مددگار	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 15 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ (البقرة: 2/257)
اَلْوَهَّاب	بہت زیادہ عطا کرنے والا	یہ نام اللہ تعالیٰ کی صفت کے طور پر قرآن مجید میں 3 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔(آل عمران:3/8)

باب: چہارم

انبیائے کرام علیہم السلام، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن کے اسمائے گرامی

- رسول اللہ ﷺ
- انبیائے کرام علیہم السلام
- ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن
- اولادِ مصطفیٰ رضی اللہ عنہم
- خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم
- عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم
- شہدائے بدر رضی اللہ عنہم
- شرکائے بدر صحابہ رضی اللہ عنہم
- نامور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات رضی اللہ عنہن کے اسمائے گرامی
- کل نام : 565

اس باب میں نبی کریم ﷺ انبیائے کرام علیہم السلام، ازواج مطہرات اور اولادِ مصطفیٰ رضی اللہ عنہم کے مستند اسمائے گرامی کے ساتھ ان کے معانی اور حوالے بھی دے دیے گئے ہیں جبکہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں سے بلحاظ فضیلت خلفائے راشدین، عشرہ مبشرہ، شہدائے بدر، شرکائے اصحاب بدر اور معروف صحابیات کے اسماء کی صرف فہرست پر اکتفا کیا گیا ہے جن میں سے اکثر کے معانی باب :5-6 میں بلحاظ حروف تہجی ملاحظہ کیے جا سکتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ کے نام

اَحْمَد	جسکی بہت زیادہ تعریف کی گئی ہو	یہ نام قرآن مجید میں 1 مرتبہ آیا ہے۔ (الصّف: 6/61)
اَمِین	امانت دار	(التکویر: 21/81)
اَلْحَاشِر	اکٹھا کرنے والا	(صحیح البخاری' المناقب' حدیث: 3532)
حِرْز	بچاؤ کرنے والا	(صحیح البخاری' البیوع' حدیث: 2125)
حَرِیْص	خیرخواہ	(التوبة: 128/9)
اَلْخَاتَم	سلسلہ نبوت کو ختم کرنیوالا نبی	(الأحزاب: 40/33 وصحیح البخاری' المناقب' حدیث: 3535)
اَلدَّاعِی	اللہ کی طرف دعوت دینے والا	(الأحزاب: 46/33)
رَحْمَه	رحمت	(الأنبیاء: 107/21)
رَحِیْم	رحم کرنے والا	(التوبة: 128/9 وصحیح مسلم' الفضائل' حدیث: 2354)
رَءُوف	شفقت کرنے والا	(التوبة: 128/9)
سِرَاجٌ مُّنِیر	روشن چراغ	(الأحزاب: 46/33)

شَاهِد	گواہی دینے والا	(الأحزاب: 45/33)
شَفِيع	سفارش کرنے والا	(مسلم' إيمان' حديث: 199)
شَهِيد	گواہ	(النساء: 41/4)
صَادِق	سچ بولنے والا	(صحيح بخارى' أحاديث الأنبياء حديث: 3332)
اَلْعَاقِب	بعد میں آنے والا	صحيح البخارى'المناقب' حديث:3532
فَرَط	پہلے پہنچنے والا	(صحيح البخارى' الرقاق' حديث: 6426)
قَاسِم	تقسیم کرنے والا	صحيح البخارى' فرض الخمس'حديث: 3114
اَلْمَاحِي	مٹانے والا	(صحيح البخارى' المناقب' حديث: 3532)
مُبَشِّر	خوشخبری دینے والا	(الأحزاب: 45/33)
مُبِين	واضح کرنے والا	(الحجر: 89/15)
مُتَوَكِّل	توکل کرنے والا	(صحيح البخارى' البيوع' حديث: 2125)
مُحَمَّد	جس کی تعریف کی گئی ہو	یہ نام قرآن مجید میں 4 مرتبہ آیا ہے۔ (آل عمران: 144/3)
مُخْتَار	پسندیدہ	(سنن الدارمى' المقدمه: حديث:7)

مُدَّثِّر	چادر اوڑھنے والا	(المدّثّر: 1/74)
مُذَكِّر	نصیحت کرنے والا	(الغاشية: 21/88)
مُزَّمِّل	چادر اوڑھنے والا	(المزّمّل: 1/73)
مُشَفَّع	جسکی سفارش قبول کی جاتی ہے	(صحيح مسلم' الفضائل' حديث: 2278)
مَصْدُوق	جس پر سچ اتارا گیا' جسے سچا مانا گیا	(صحيح البخارى' أحاديث الأنبياء' حديث: 3332)
مُصْطَفٰى	چنا ہوا	(مسند أحمد' 25/6)
اَلْمُقَفِّي	بعد میں آنے والا	(صحيح مسلم' الفضائل' حديث: 2355)
مُنْذِر	ڈرانے والا	(الرعد: 7/13)
نَبِيُّ التَّوْبَة	توبہ والا نبی	(صحيح مسلم' الفضائل' حديث: 2355)
نَبِيُّ الرَّحْمَة	رحمت والا نبی	(صحيح مسلم' الفضائل' حديث: 2355)
نَبِيُّ الْمَلْحَمَة	قتال کا نبی	(مسند أحمد' 395/4)
نَذِير	ڈرانے والا	(الحج: 45/33)
هَادِي	رہنمائی کرنے والا	(النمل: 81/27)

انبیائے کرام علیہم السلام کے نام

قرآن مجید میں مذکور انبیائے کرام علیہم السلام کے ناموں کی کل تعداد اور پہلی دفعہ مذکور نام کا حوالہ

آدَم	گندم گوں	قرآن میں 25 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرة:31/2)
اِبْرَاھِیم	خادم	قرآن میں 69 مرتبہ مذکور ہے۔(البقرة: 124/2)
اِدْرِیس	پڑھا ہوا	قرآن میں 2 مرتبہ مذکور ہے۔ (مريم: 56/19)
اِسْحَاق	ہنسنے والا	قرآن میں 17 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرة: 133/2)
اِسْمَاعِیل	تو سن اے اللہ، مسرت	قرآن میں 12 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرة: 125/2)
اِلْیَاس	قائم ودائم	قرآن میں 3 مرتبہ مذکور ہے۔ (الأنعام: 85/6)
اَیُّوب	رجوع کرنے والا	قرآن میں 4 مرتبہ مذکور ہے۔ (النساء: 163/4)
خَضِر [1]	سرسبز	(صحيح البخاري، العلم، حديث: 74)

[1] ان کے نبی ہونے میں اختلاف ہے۔

دَاود	عزیز دوست	قرآن میں 16 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرۃ: 2/251)
ذُو الْکِفْل [1]	کفالت والا	قرآن میں 2 مرتبہ مذکور ہے۔ (الأنبیاء: 21/85)
زَکَرِیَّا	بھرنا، پر کرنا	قرآن میں 7 مرتبہ مذکور ہے۔ (آل عمران: 3/37)
سُلَیْمَان	سلامتی	قرآن میں 17 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرۃ: 2/102)
شُعَیب	درست کرنے والا	قرآن میں 11 مرتبہ مذکور ہے۔ (الأعراف: 7/88)
شِیث	کثرت	(تاریخ الطبری: 1/100)
صَالِح	نیک	قرآن میں 9 مرتبہ مذکور ہے۔ (الأعراف: 7/77)
عُزَیر [2]	تعاون کرنا	قرآن میں 1 مرتبہ مذکور ہے۔ (التوبۃ: 9/30)
عِیسیٰ	زندگی والا	قرآن میں 25 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرۃ: 2/87)
لُوط	دلی محبت	قرآن میں 27 مرتبہ مذکور ہے۔ (ھود: 11/70)
مُحَمَّد	تعریف کیا گیا	قرآن میں 4 مرتبہ مذکور ہے۔ (آل عمران: 3/144)

[1] اکثر مفسرین کے نزدیک نبی ہیں۔
[2] بعض مفسرین کے نزدیک نبی ہیں۔

مُوسیٰ	پانی سے پکڑا گیا	قرآن میں 136 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرة: 2/ 51)
نُوح	تسکین دینے والا	قرآن میں 43 مرتبہ مذکور ہے۔ (النساء: 4/ 163)
هَارُون	سالار' سردار' پاسبان	قرآن میں 20 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرة: 2/ 248)
هُود	توبہ کرنے والا	قرآن میں 7 مرتبہ مذکور ہے۔ (هود 11/ 53)
يَحْيىٰ	زندہ رہنے والا	قرآن میں 5 مرتبہ مذکور ہے۔ (آل عمران: 3/ 39)
اليسع	فراخ	قرآن میں 2 مرتبہ مذکور ہے۔ (الأنعام: 6/ 86)
يَعْقُوب	پیچھے آنے والا	قرآن میں 16 مرتبہ مذکور ہے۔ (البقرة: 2/ 132)
يُوسُف	حسین' خوبصورت	قرآن میں 37 مرتبہ مذکور ہے۔ (الأنعام: 6/ 84)
يُوشَع	چڑھائی' بلندی	(صحيح البخارى' العلم' حديث: 122)
يُونُس	مانوس' ستون' رکن	قرآن میں 4 مرتبہ مذکور ہے۔ (النساء: 4/ 163)

نبی ﷺ کی ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کے نام

(بترتیب نکاحِ نبوی)

سیدہ خَدِیْجَة بنت خویلد بن اسد	ناتمام	(نکاحِ نبوی' 15 سال قبل نبوت)
سیدہ سَوْدَة بنت زمعه	نشان	(نکاحِ نبوی' شوال10 نبوت)
سیدہ عَائِشَه صدیقه بنت ابو بکرصدیق	زندگی والی	(نکاحِ نبوی' شوال11 نبوت)
سیدہ حَفْصَة بنت عمر فاروق	شیرنی	(نکاحِ نبوی' 3 ہجری)
سیدہ زَیْنَب بنت خزیمه	ایک خوشبودار حسین وجمیل درخت' باپ کی زینت	(نکاحِ نبوی' 4 ہجری)
سیدہ اُمّ سَلَمه هِندبنت ابی امیه	جماعت	(نکاحِ نبوی' شوال 4 ہجری)
سیدہ زینَب بنت جحش	ایک خوشبودار حسین وجمیل درخت' باپ کی زینت	(نکاحِ نبوی' ذوالقعدہ 5 ہجری)
سیدہ جُوَیْرِیَه بنت حارث	چھوٹی لڑکی' خوشیاں بکھیرنے والی	(نکاحِ نبوی' شعبان6 ہجری)
سیدہ رَمْلَه (ام حبیبه) بنت ابی سفیان	ریت کا ٹیلہ	(نکاحِ نبوی' محرم 7 ہجری)
سیدہ صَفِیَّة بنت حیی بن اخطب	منتخب	(نکاحِ نبوی' 7 ہجری)

سیده مَیْمُونَه بنت حارث	بابرکت	(نکاحِ نبوی ٗ ذوالقعدہ ٗ 7 ہجری)
سیده ماريه القبطية بنت شمعون	لونڈی	(ان کی آمد 8 ہجری میں ہوئی)
سیده ریحانه بنت زيد بن عمرو	کلی، خوشبودار پھول، اولاد (لونڈی)	(ان کی آمد 5 ہجری میں ہوئی)
سیده جميله	خوبصورت (لونڈی)	

اولادِ مصطفیٰ ﷺ

اِبْرَاهِیم	خادم	(زاد المعاد: 1/103)
اُمِّ کُلْثُوم	پرکشش	(زاد المعاد: 1/103)
رُقَیَّة	ترقی	(زاد المعاد: 1/103)
زَیْنَب	خوبصورت' خوشبودار درخت' باپ کی زینت	(زاد المعاد: 1/103)
عَبْدُاللّٰه	اللہ کا بندہ	(زاد المعاد: 1/103)
فَاطِمَة	دودھ چھڑانے والی	(زاد المعاد: 1/103)
قَاسِم	تقسیم کرنے والا	(زاد المعاد: 1/103)

خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم

سیدنا اَبُوبَکر صِدِّیق عبداللّٰہ بن عثمان

سیدنااَبُو حَفص عُمَربن الخطاب

سیدنابو عبداللّٰہ عُثمَان بن عفان

سیدنابوتراب عَلِی بن ابی طالب

عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم

سیدنا ابو بکر صدیق عبداللّٰہ بن عثمان

سیدنا ابو حفص عمر بن الخطاب الفاروق

سیدنا ابو عبداللّٰہ عثمان بن عفان

سیدنا ابو الحسن علی بن ابی طالب

سیدنا ابو محمد عبدالرحمٰن بن عوف

سیدنا ابو اسحاق سعد بن ابی وقاص

سیدنا ابو محمد طلحہ بن عبیداللّٰہ

سیدنا ابو عبداللّٰہ زبیر بن العوام

سیدنا ابو الاعور سعید بن زید

سیدنا ابو عبیدۃ عامر بن عبداللّٰہ بن الجرّاح

شہدائے بدر رضی اللہ عنہم

حَارِث یا حارثہ بن سراقہ	رافِع بن مُعَلّٰی
سَعْد بن خیثمہ الأنصاری	عَاقِل بن بُکیر بن عبدیالیل
عُبَیْدَہ بن حارث بن مطلب	عَمّار بن زیاد
عُمَیْر بن ابی وقاص	عُمَیُر بن حُمام
عُمَیْر بن عبد عمیر	عوف یاعَوْذ بن عفراء
مُبَشِّر بن عبدالمنذر	مُعَوِّذ بن عفراء
مِہْجَع بن صالح	یَزِیْد بن حارث

بدری مہاجر صحابہ رضی اللہ عنہم

سیدنا مُحَمَّد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	ابو بکر عبداللہ بن عثمان الصِّدِّیق
عُمَر بن الخطاب الفاروق	عُثْمَان بن عَفَّان ذوالنورین
عَلِی بن ابی طالب المرتضیٰ	اَرْقَم بن ابو الأَرقم
اِیَاس بِنْ بُکَیْر	بلال بن رَبَاح
حاطِب بن ابی بَلْتعه	حَمْزَہ بن عبدالمطلب
خُنَیْس بن حذافه	رَبِیعَه بن اکثم بن سخبره الأَسدی
زَاهِر بن حرام الأَشجعی	زُبَیْر بن العوّام
زَیْد بن الخطاب بن نفیل العدوی	زِیَاد بن کعب بن عمرو الجهنی
سَالِم بن معقل	سَائِب بن مظعون الجمحی
سَائِب بن عثمان بن مظعون	سَبُرَہ بن فاتك الأسدی
سَعْد بن ابی وقاص	سَعْد بن خولی
سَعِید بن زید بن عمرو بن نفیل	سَلِیط بن عمرو العامری
سُوَیْد بن مَخْشِی الطائی	سَوَیْبط بن حرملة

سَوَیْبِط بن سعد القرشی	سَهل بن بیضاء الفِهری
شُجَاع بن وهب یا ابی وهب الأسدی	شُقْرَان حبشی
شَمَّاس بن عثمان المخزومی	صَفْوَان بن بیضاء الفهری
صُهَیْب بن سنان الرومی	طُفَیْل بن الحارث المطلبی
طَلْحَه بن عبیداللّٰه التیمی	طُلَیْب بن عمیر
عَاقِل بن بکیر بن عبد یالیل	عمْرو یا عامر بن حارث الفِهری
عَامِر بن ربیعه العنزی	عَامِر بن عبداللّٰه القرشی
عَامِر بن فهیره ازدی	عَبْدُاللّٰه بن جحش الأسدی
عَبْدُالرَّحمٰن بن سهل الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن سراقه العدوی
عبداللّٰه بن سعید الأموی	عَبْدُاللّٰه بن سهیل العامری
عَبْدُاللّٰه بن اسد بن هلال المخزومی	عَبْدُاللّٰه بن مخرمه
عَبْدُاللّٰه بن مسعود الهذلی	عَبْدُاللّٰه بن مظعون الجمحی
عُبَیْدَه بن حارث القرشی	عَبْدُالرَّحمٰن بن عوف الزهری
عَبْدیالیل بن ناشب اللیثی	عمرو بن الحارث الفهری
عَمْرو بن سراقه العدوی	عَمْرو بن ابی عمرو الفهری
عمْرو بن ابی سَرْح الفهری	عُثْمَان بن مظعون الجمحی

عَمَّار بن یاسر	عُمَیر بن ابی وقاص الزہری
عُمَیر بن عوف مولیٰ سہیل العامری	عُقبَہ بن وہب
عَوف بن اُثاثہ المطلبی	عِیاض بن زہیرالفہری
قُدامَہ بن مظعون الجمحی	کَثِیر بن عمروالسَّلمی
ابو مرثد کناز بن حصین الغنوی	مَالِك بن امیہ بن عمرو السلمی
مَالِكُ بن ابی خولی الجُعفی	مَالِكُ بن عمرو السلمی
مَالِكُ بن عُمَیلہ	مُحرِز بن نَضلہ الأسدی
مِدلَاج بن عمرو الأسلمی	مَرثَدبن ابی مرثد الغنوی
مَسعُود بن ربیعہ القاری	مُصعَب بن عمیر العَبدری
مُعَتِّب بن حمراء الخزاعی السلولی	مَعمَر بن ابی السرح
مِہجَع بن صالح المہاجر	وَاقِد بن عبداللّٰہ التمیمی الیربوعی
وَہب بن محصن الأسدی	وَہب بن ابی سرح الفہری
وَہب بن سعد بن ابی سرح	ہِلَال بن ابی خَولی
یَزِید بن رقیش بن رئاب	اَبُو حُذَیفَہ بن عتبہ
اَبُوسَبرَہ بن ابی رُہم القرشی العامری	اَبُوکَبشَہ مولیٰ رسول اللّٰہ

ابو وَاقِد حارث بن مالك اللیثی

بدری انصار صحابہ رضی اللہ عنہم

اُبیّ بن ثابت الأنصاری	اُبَیّ بن کعب
اَسْعَد بن یزید بن الفاکہ	أسید بن حُضَیر بن سِمَاك
اُسَیْر بن عمرو الأنصاری	اَنَسُ بن مالك بن نضر
اَنَس بن معاذ بن انس	اُنَیْس بن قتادة بن ربیعه
آنِسه مولی رسول اللّٰه ﷺ	اَوْس بن ثابت الأنصاری
اَوْس بن خَوَلی بن عبداللّٰه	اَوْس بن صامت الأنصاری
اِیَاس بن ودَقَه الخزرجی	بِشْر بن براء بن معرور
بَشِیْر بن سعد بن ثعلبه	ثَابِت بن اخرم
ثَابِتُ بن جِذع	ثَابِت بن خالد بن نعمان الأنصاری
ثَابِت بن عامر بن زید الأنصاری	ثَابِت بن عبید الأنصاری
ثَابِت بن عمرو بن زید بن عدی	ثَابِت بن هَزَّال
ثَعْلَبَه بن حاطب بن عمرو	ثَعْلَبَه بن عمرو بن محصن
ثَعْلَبَه بن عَنَمه بن عدی	جَابِر بن عبداللّٰه بن رئاب

جَابِرُ بن عَتِیك بن قیس الأوسی	حارِثه بن سُرَاقه الأنصاری' النجاری
خُبَیْب بن عدی الأوسی	خَلّاد بن رافع بن مالك الخزرجی
خَلِیفَه بن عدی	رُبَیع بن اِیاس الأنصاری
رِفَاعَه بن حارث بن رفاعه الأنصاری	رِفَاعَه بن رافع بن مالك
ابو لُبابه رِفَاعَه بن عبدالمنذر	رِفَاعَه بن عمرو بن زید الخزرجی
رِفَاعَه بن عمرو الجهنی	زَیْد بن اسلم بن ثعلبه العجلانی
زَیْد بن الدَثِنه البیاضی	زَیْد بن سهل الأنصاری
زَیْد بن عاصم المازنی الأنصاری	زَیْد بن المُزَین الأنصاری
زَیْد بن ودیعه بن عمرو	زِیَاد بن لبید البیاضی
سالِم بن عمیر الأنصاری	سُبَیْع بن قیس الخزرجی
سُرَاقَه بن عمرو بن عطیه الخزرجی	سُفْیَان بن بشر الخزرجی
سُرَاقَه بن کعب بن عمرو	سَعْد بن خولی الکلبی
سَعْد بن خیثمه الأوسی	سَعْد بن الربیع بن عمرو
سَعْد بن زید زرقی	سَعْد بن سهل
سَعْد بن عبید الأنصاری الأوسی	سَعْد مولیٰ عتبه بن غَزْوان
سَعْد بن عثمان بن خَلْدہ	سَعْد بن معاذ سیّد الأوس

سَعید بن سهیل الأنصاری الأشهلی	سُفیَان بن بشر
سَلَمَه بن اسلم الأنصاری الحارثی	سَلَمَه بن ثابت بن وَقْش
سَلَمَه بن حاطب الأنصاری	سَلَمَه بن سلامة بن وقش
سَلِیط بن قیس الأنصاری	سُلَیم بن حارث الأنصاری
سُلَیم بن قیس بن قهد	سُلَیم بن عمرو الأنصاری السُلمی
سُلَیم بن مِلحان الأنصاری	سِمَاك بن خَرَشه الأنصاری
سِمَاك بن سعد الأنصاری	سِنَان بن ابی سِنَان
سِنَان بن صیفی	سَهل بن حُنیف الأنصاری الأوسی
سَهل بن عتیك الأنصاری	سَهل بن قیس الأنصاری السلمی
سُهَیل بن عمرو	سُهَیل بن رافع الأنصاری
سَوَاد بن غَزِیّة الأنصاری	سَوَاد بن زید الأنصاری الخزرجی
ضَحّاك بن عبد عمرو الأنصاری	ضَحَّاك بن حارثه الخزرجی
حَمْزَه بن عمرو الأنصاری	طُفَیل بن مالك الأنصاری
عَاصِم بن بُکیر الأنصاری	عَاصِم بن ثابت الأنصاری
عَاصِم بن قیس الأ نصاری	عَامِر بن أمیه
عامر بن ثابت الأنصاری	عامر بن سلمه بن عامر الأنصاری البلوی

عَامِر بن عبد عمرو الأنصاری	عَامِر بن مُخَلَّد الأنصاری الخزرجی
عَائِذ بن ماعص الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن ثعلبه البلوی
عَبْدُاللّٰه بن جبیر بن نعمان الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن الجد بن قیس الأنصاری
عَبْدُاللّٰه بن الحُمَیر الأشجعی	عَبْدُاللّٰه بن ربیع الخزرجی
عَبْدُاللّٰه بن رواحه الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن زیدالأنصاری
عَبْدُاللّٰه بن سعدالأنصاری الأوسی	عَبْدُاللّٰه بن سَلِمة الأنصاری البلوی
عَبْدُاللّٰه بن سَهل الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن طارق البَلَوی
عَبْدُاللّٰه بن عامر البَلَوی الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن عبد مناف الأنصاری
عَبْدُاللّٰه بن عبس الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن عبداللّٰه بن أُبَیّ
عَبْدُاللّٰه بن عُرفطه الأنصاری	عَبْدُاللّٰه بن عمروبن حرام الأنصاری
عَبْدُاللّٰه بن عُمیر بن عدی	عَبْدُاللّٰه بن قیس الأنصاری
عَبْدُ اللّٰه بن قیس بن صَخْر الخزرجی	عَبْدُاللّٰه بن کعب المازنی
عَبْدُاللّٰه بن نعمان بن بَلْذَمه	عبدالرحمٰن بن جَبْرالأنصاری
عبدالرحمٰن بن عبداللّٰه البَلَوی	عبدالرحمٰن بن کعب المازنی
عبدُربِّه بن حق الساعدی	عَبَّاد بن بشربن وقش
عُبَادَه بن الخشخاش	عُبَاد بن عبید بن التیِّهان

عباد بن قیس الزُّرقی	عُباد بن قیس الأنصاری الخزرجی
عُبَادَہ بن صامت الأنصاری	عُبَادَہ بن قیس الأنصاری
عُبَیْد بن ابوعبیدالأنصاری	عُبَیْد بن اوس الأنصاری
عُبَیْد بن تیِّہان الأنصاری	عُبَیْد بن زید بن عامر الزرقی
عَبَس بن عامربن عدی الأنصاری	عُتْبَہ بن ربیعہ البہرانی الأزدی
عُتُبَہ بن عبداللّٰہ بن صخر	عُتُبَہ بن غَزوان
عِتبَان بن مالك الأنصاری السالمی	عَدِی بن ابی الزَّغباء الجہنی
عِصْمَہ یا عُصیمہ الأ شجعی	عِصْمَہ بن الحُصین بن وبرۃ
عِصمہ یا عُصیمۃ الأسدی	عُصَیْمَہ الأشجعی
عَطِیَّہ بن نُوَیرہ	عُقْبَہ بن عامربن نابی الأنصاری
عُقْبَہ بن ربیعہ الأنصاری	عُقْبَہ بن عثمان الأنصاری
عُقُبَہ بن عمروالأنصاری	عُقُبَہ بن وھب بن کلدہ
عَمْرو بن ایاس الیمنی	عَمْرو بن ثعلبہ بن وھب
عَمْرو بن الجَمُوح الأنصاری	عَمْرو بن عقبہ بن نیاز الأنصاری
عَمْرو بن عوف الأنصاری	عَمْرو بن غَزِیّہ الأنصاری
عَمْرو بن قیس الخزرجی	عَمْرو بن معاذ بن نعمان

عُمَارہ بن حزم الأنصاری	عَمرو بن معبد
عُمَیُر بن عامرالخزرجی	عُمَیُر بن حارث بن ثعلبه الأنصاری
عُمَیُر بن حرام بن عمرو بن جموح	عُمَیُر بن الحُمَام
عُمَیُر بن معبد بن الأزعر	عُمَیُر بن نیار الأنصاری
عُمَارہ بن زیاد بن السکن	عَنتَرہ مولی سُلیم بن عمرو بن حدیدہ
عَوُف بن عَفراء الأنصاری	عُوَیُم بن ساعدہ بن عائش
عُوَیمر بن اشقر	غَنّام بن اوس بن غَنّام الأنصاری
فَرُوَہ بن عمروالأنصاری	فَاکہ بن بشر الأنصاری الزرقی
قَتَادَہ بن نعمان الظفری	قُطبَہ بن عامرالخررجی
قَیُس بن السکن الخزرجی	قَیُس بن عمرو بن سهل
قَیُس بن محصن الزرقی	قَیُس بن مخلد الأنصاری المازنی
قَیُس بن ابی صعصعه المازنی	کَعُب بن جَمَّاز الأنصاری
کَعُب بن زید الأنصاری	کَعُب بن عمروبن عَبّاد
مَالِك بن التیهان	مَالِك بن الدُخشم الأنصاری
مَالِك بن رافع الزرقی	مَالِك بن ربیعه الأنصاری
مَالِك بن قُدامه الأنصاری	مَالِك بن مسعود الساعدی

مَالِك ابن نُمَیله المزنی
مُبَشِّر بن عبدالمُنذر الأوسی
مُجذَّربن ذِیاد البَلَوی الأنصاری
مُحرَز بن عامر
محمد بن مَسلَمه الأنصاری
مُراره بن الربیع العَمْری
مَسْعُود بن اَوس
مَسْعُوْد بن خالد الزرقی
مَسْعُود بن ربیعه القاری
مَسْعُوْد بن سعدالزرقی
مَسْعُود بن عبد مسعود الأوسی
مَعَاذ بن جبل
مُعَاذ ابن عفراء الأنصاری
مُعَاذ بن عمروبن جموح
مُعَاذ بن مَاعِص الأنصاری
مَعْبَد بن عباد الأنصاری
مَعْبَد بن قیس بن صخر
مَعْبَد بن وهب العبدی
مُعَتِّب بن قشیر
مُعَتِّب بن عبید البلوی
مَعْقِل بن المنذر السلمی
مَعْمَر بن حارث القرشی
مَعْن بن عدی البَلَوی
مَعن بن یزید بن اَخنس السُلمی
معن بن عفراء الأنصاری
مُعَوّذ ابن عفراء
مُلَیل بن وَبَرَه
مُنْذِر بن قدامه الأنصاری الأوسی
مُنْذِربن عَرْفَجه الأوسی الأنصاری
مُنْذِربن محمّد الأوسی
نَحّات بن ثَعْلَبه البَلَوی
نصربن حارث الأوسی

نعمان بن ابی خَذَمه الأنصاری	نعمان بن سنان الأنصاری
نعمان بن عبد عمرو النجاری الأنصاری	نعمان بن اعقر
نعمان بن عمرو بن رفاعه الأنصاری	نعمان بن قَوْقَل
نعمان بن مالك بن ثعلبه الأنصاری	نعیمان بن عمرو بن رفاعه الأنصاری
نَوفل بن ثعلبه الأنصاری	هانی بن نِیَارالبَلَوی
هبیل بن وَبُرة الأنصاری	هلال بن امیه الأنصاری الواقفی
هلال بن معلی الأنصاری الخزرجی	همام بن حارث بن ضمره
وَدْقَه یا وَدُفه بن إیاس الأنصاری	ودیعه بن عمرو الجهنی
یزید بن اخنس السلمی	یزید بن ثابت الأنصاری
یزید بن ثعلبه خَزَمه	یزید بن حارث الأنصاری
یزید بن عامر بن حدیدة الخزرجی	یزید بن منذر الأنصاری السلمی
ابو صِرْمَه الأنصاری المازنی	ابو الضیاح الأنصاری الأوسی
ابوعیسیٰ الحارثی الأنصاری	ابو فضاله الأنصاری
ابو قتاده بن رِبْعی الأنصاری	ابو مُلَیل الأنصاری الضبیعی

سپہ سالار صحابہ رضی اللہ عنہم

ابو عُبَیْدَہ ابن الجرّاح	اُسامہ بن سعید
جَرِیْر بن عبداللّٰہ بن جابر	جَعْفَرُ بن ابی طالب
حُذَیْفَہ بن یمان	خَالِدُ بن ولید
زَیْد بن حارثہ	سَعْد بن ابی وقاص
سَعِیْد بن العاص	سَلْمَہ بن قیس
شُرَحْبِیْل بن حَسَنَہ	ضَرّار بن ازور اسدی
عَاصِمُ بن ثابت	عُبَادَۃ بن الصامت
عَبْدُالرَّحْمٰن بن عوف	عَبْدُاللّٰہ بن حُذافہ
عَبْدُاللّٰہ بن جحش	عَبْدُاللّٰہ بن رَواحہ
عُتْبَہ بن غزوان	عُکاشَہ بن مِحْصن
عِکْرِمَہ بن ابی ھشام	عَمْرُو بن العاص
قَعْقَاع بن عمرو	مُثَنّٰی بن حارثہ

نُعْمَان بن مقرّن

مشہور صحابیات رسول ﷺ

اسماء بنت ابو بکرالصدّیق

اَسْمَاء بنت یزید

ام اَیْمَنْ برکت بنت ثعلبہ

ام حرام بنت ملحان

ام سُلَیم سَھْلہ بنت ملحان

ام عمارہ نَسِیبَہ بنت کعب

ام کُلْثُوم بنت عقبہ

ام ھانی فاختہ بنت ابی طالب

حَمْنَہ بنت جحش

خَوْلَہ بنت حکیم

زَیْنَب بنت ابی سلمہ

سُمَیَّہ بنت خبّاط

صَفِیّہ بنت عبدالمطلب

اسماء بنت عُمیس بن مَعْد

ام ابی ھُرَیْرَۃ اُمَیمَہ بنت صُبَیْح یا صُفَیح بن الحارث

ام رُوْمَان بنت عامر بن عُویمر

ام حکیم بنت زبیر

ام عطیہ نسیبہ بنت الحارث

ام الفضل لُبَابَہ بنت الحارث

ام وَرُقَہ بنت عبداللّٰہ

اُمَامَہ بنت ابی العاص

خَنْسَاء بنت عمرو (تماضر)

رُبَیّع بنت معوذ بن عفراء

زینب بنت ابی معاویہ

شِفَاء بنت عبداللّٰہ

فَاطِمَۃ بنت اسد

فاطمة بنت الخطاب	فاطمة بنت قيس بن خالد
هِند بنت عتبه	

حافظات صحابیات رضی اللہ عنہن

سیده ام سلمه	سیده ام ورقه
سیده حفصه	سیده عائشه

نامکمل حافظات رضی اللہ عنہن

هند بنت اُسَید	ام هشام بنت حارثه
رائطه بنت حَیّان	ام سعد بنت سعد بن الربیع

مفسرہ صحابیہ رضی اللہ عنہا

سیده عائشه صدیقه

محدثات صحابیات رضی اللہ عنہن

اسماء بنت ابی بکر	ام سلمه
ام عطيه الأنصارية	ام هانی الأنصارية
عائشه صديقه	فاطمه بنت قيس

فقیہ اور مفتی صحابیات رضی اللہ عنہن

اسماء بنت ابی بکر	ام ایمن
ام حبیبه	ام الدَرداء خَيرة بنت ابی حَدرد الأسلمی
ام سلمه	ام شريك
ام عطيه	جويريه
حفصه بنت عمر	حَولَاء بنت تُوَيت
زينب بنت ابی سَلَمه	سَهله بنت سهيل
صَفِيّه	عَاتِكَهُ بنت زيد

عائشه صدیقه	فاطمة الزهراء
فاطمه بنت قیس	لیلیٰ بنت قانِف

میمونه

وراثت کی ماہر صحابیہ رضی اللہ عنہا

عائشه صدیقه

علم اسرار شریعت کی ماہر صحابیہ رضی اللہ عنہا

ام سلمه

مقررہ صحابیہ رضی اللہ عنہا

اسماء بنت یزید بن سکن

خوابوں کی تعبیر کرنے والی صحابیہ رضی اللہ عنہا

اسماء بنت عُمیس بن مَعُد

طب اور فن جراحت کی ماہر صحابیات رضی اللہ عنہن

ام زیاد الأشجعية	ام سلیم
ام عطیه	ام کبشه القُضاعية
ام مُطاع الأسلميه	أُمَيْمَه بنت قيس
رُبَيِّع بنت مُعَوّذ	رُفَيْدَه اسلميه (ان کا ہسپتال بھی تھا)
حَمْنَه بنت جَحش	ليلىٰ الغِفاريه

معاذة الغِفارية

نامور شاعرہ صحابیات رضی اللہ عنہن

ام ایمن	امامه المَزِيدِيّه
حضرت خنساء بنت عمرو	رُقَيّه (ان کا دیوان بھی ہے)
زینب بنت عوام	سعدیٰ بنت کرز
صَفِيّه بنت عبدالمطلب	عاتكه بنت زيد
قتيله بنت النضر العبدريه	كبشه بنت رافع
ميمونه بنت عبدالله بلويه	نُعم امراة شمّاس
هندبنت اثاثه	هند بنت حارث

کاتب صحابیات رضی اللہ عنہن

ام كلثوم بنت عقبه	حفصه بنت عمر بن الخطاب

شفاء بنت عبداللّٰه

تاجرہ صحابیات رضی اللہ عنہن

اَسماء بنت مُخَرِّبه	ثقفیه
خَوْلاء بنت تُوَیت	خدیجة الکبریٰ
ملیکة ام السائب	

مسلمان مردوں اور عورتوں کے قرآنی نام

- قرآن مجید میں مذکور بابرکت نام
- قرآنی نام بلحاظ مادّہ
- قرآنی نام بلحاظ مشتقات
- کل تعداد: 1049

مسلمان مردوں کے قرآنی نام

مندرجہ ذیل اسماء قرآن مجید سے بعینہ نقل کیے گئے ہیں یا یہ نام قرآنی الفاظ کے مادے اور مشتقات ہیں۔

آثِم	گناہ گار	آذِنُ	اجازت دینے والا، افسر
آرِبُ	مضبوط، ماہر، عقلمند	آفَاقُ	عالم، جہاں

اَبَان	واضح	اَبْرَار	نیک
اِبْرَاهِيم (عبر)	خادم	اَبْصَار	عقل، دانائی، آنکھیں
اُثْرَهُ	خاندانی عزت وشرافت	اَثِیر	بلند، باعزت، پسندیدہ

اَثِیم	گناہ گار	اِجلَال	بزرگی
اَجمَل	بہت خوبصورت	اَجوَاد	سخی،عقلمند
اَحَد	ایک،یکتا	اِحسَان	نیکی،اچھا سلوک
اَحسَن	بہت خوبصورت	اَحمَد	بہت زیادہ تعریف والا
اَحمَر	سرخ	اِخلَاص	مخلص،دل کا خلوص
اَخلَاق	اچھی عادات وخصال	اِدرِیس	پڑھا ہوا،درس دینے والا
اَذِین	سردار،لیڈر،کفیل	اِرتَضٰی	پسندیدہ،محبوب
اِرشَاد	ہدایت،نصیحت	اَرشَد	نہایت ہدایت یافتہ
اَرقَم (صحابی)	نشان والا،لکھنے والا	اَزرَق	نیلگوں،آسمانی
اَزهَر (صحابی)	بہت روشن،چمکیلا چاند	اَسجَل	مالدار،صاحب خیر
اِسحَاق (عبر)	ہنسنے والا	اَسرَار	راز،بھید
اَسعَد (صحابی)	انتہائی نیک بخت،مدد کرنے والا	اَسلَم	سلامت،محفوظ
اِسمَاعِیل (عبر)	اے اللہ!سن،مسرت،دلیر	اَشعَر	دانا،سمجھدار
اَشفَاق	مہربانیاں	اِشفَاق	نرمی،مہربانی کرنا

اِشْهَاد	گواہی دینا	اِصْبَاح	روشن کرنا، صبح کرنا
اَصْغَر	چھوٹا	اَطْيَب	پاک، خوشبودار
اِعْجَاز	انتہائی فصاحت وبلاغت	اَفْلَح (صحابی)	زیادہ کامیاب
اَفْرَه	بہت ماہر، ہوشیار	اَقْرَع (صحابی)	کھٹکھٹانے والا
اَقْمَر	بہت روشن	اَقْوَس	تجربہ کار، چالاک آدمی
اِكْرَام	احترام، عزت افزائی	اَكْرَم	معزز، عزت والا
اَكِيْل	ہم نوالہ	اَلْبَاب	عقلمند، ذہین
اَلْطَاف	نرمی، مہربانی	اَمَانَت	دیانت
اِمْتِنَان	احسان کرنا، احسان رکھنا	اِمْتِيَاز	فرق، خاص حق
اَمْثَل	افضل، بہتر	اَمْجَد	عظیم ترین
اَمِير	حاکم، نگران	اَمِيْن	دیانتدار
اَمِيم	خوش قامت	اُمَيَّه	مادرانہ، (قریش کے قبیلے کا نام)
اَنْصَر	بہت زیادہ مدد کرنے والا	اِنْضِمَام	مل جانا

اَنْظَر	بہت دھیان رکھنے والا	اِنْعَام	عطیہ، بخشش
اَنْوَار	روشنیاں	اَنْوَر	بہت روشن، چمکیلا، خوش رنگ
اَنِیْس	انس رکھنے والا، مانوس	اَنِیْل	حاصل کرنا
اَوْصَاف	خوبیاں، اچھائیاں	اَیَاس (صحابی)	نا امید
اَیُّوْب (عبر)	رجوع کرنے والا		

ب

بَاسِط	فراخی دینے والا	بَاسِق	اچھی شہرت والا، بلند مرتبہ
بَاصِر	غور سے دیکھنے والا	بَاکِر	سویرے اٹھنے والا
بُحَیْرَہ	جھیل	بَدِیْع	بغیر نمونہ کے بنانے والا
بُدَیْل (صحابی)	بدلہ، عوض	بَرَاء	بری
بَرَکت	خوش نصیبی	بُرْهَان	دلیل، محبت
بَسِیْط	سخی، نیک نیت	بَشَارَت	خوش خبری

بِشْر (صحابی)	خوشی، خوشخبری، خندہ پیشانی	بَشِیر	خوشخبری سنانے والا، خوبرو
بَصِیر	بینا، دیکھنے والا، سمجھدار	بَعِیث	بھیجا ہوا
بَکْر	صبح سویرا	بَکِیر	سب سے پہلے اُٹھنے والا
بُکَیر	نیا، انوکھا	بَلِیغ	پورا، کامل، بہترین مقرر
بَهِیج	خوبصورت، رونق دار		



تَائِب	توبہ کرنیوالا، گناہ سے باز آنے والا	تَبَسُّم	مسکراہٹ
تُرَاب	مٹی	تَرِیف	آسودہ، خوش حال
تَسْنِیم	بہشت کی ایک نہر کا نام	تَصَدُّق	صدقہ دینا
تَفَضُّل	فضیلت، برتری	تَقِی	پرہیزگار، پارسا
تَکْرِیم	اعزاز	تَنْزِیلُ الرَّحْمٰن	اللہ رحمان کا اُتارا ہوا
تَنْوِیر	روشنی، چمک	تَوَّاب	بہت توبہ کرنے والا

تَوْحِید	اللہ تعالیٰ کے اپنی ذات وصفات میں ایک ہونے پر ایمان	تَوْفِیق	برابر، موافق کرنا
تَوْقِیر	عزت ووقعت		

ث

ثَابِت	مکمل، قائم	ثَاقِب	روشن، چمکدار، تہہ کو پہنچا ہوا
ثَقَلَین	دو جہاں، دو مخلوق، جن وانس	ثَقِیب	سرخ چہرے والا
ثَمِیر	ثمر آور، پھلدار	ثَوْبَان	واپس آنا، لوٹنا

ج

جَالِب	حاصل کرنے والا	جَلَال	اعلیٰ شان وعظمت
جَلِیس	رفیق، ساتھی	جَلِیل	عظمت والا، اعلیٰ
جَمَال	خوبصورتی	جَمِیل	خوبصورت، حسین
جُنَید	چھوٹا لشکر، نیک	جَوْدَت	عمدگی

ح

حَاجِز	لوگوں کے درمیان حق کا فیصلہ کرنے والا	حَاذِر	محتاط
حَاشِر	اکٹھا کرنے والا	حَاطِب (صحابی)	ایندھن جمع کرنے والا، لکڑیاں اکٹھی کرنے والا
حَامِد	تعریف کنندہ	حَامِل	صاحبِ علم، اُٹھانے والا
حَبِیب	دوست، محبوب، رفیق	حُجَّاج	بہت حج کرنے والا
حَدِید	لوہا	حَذِیر	تنبیہ کرنے والا
حَرَّار	ریشم ساز، ریشم فروش	حَرِیث	زمین سنوارنے والا
حَرِیج	تنگ، تنگی	حَرِیم	عزت والا، مقدس جگہ یا چیز
حَرِیرِی	ریشم بنانے والا	حَسَّان	نہایت خوبصورت، بہت نیک
حَسَنَات	نیکیاں، اچھائیاں	حَسَن	خوبصورت، اچھا
حَسِیب	حساب کرنے والا، صاحبِ شرف ونسب	حُسَین	اچھا
حَسُنَین	دوخوبصورت	حَصِیب (صحابی)	کنکریاں مارنے والا
حَصِین	مضبوط و مستحکم	حَفِیظ	محافظ، نگہبان

حَقَّانِی	سچائی والا، حق والا	حَکِیم	دانا، دانشور
حَلِیم	نرم مزاج، تحمل والا، بردبار	حَمَّاد	بہت زیادہ تعریف کرنے والا
حَمْد	قابل تعریف (بمعنی محمود)	حَمْدَان	تعریف کرنے والا
حَمُود	تعریف کرنے والا	حَمُول	دانش مند، بہت بردبار
حَمِید	تعریف کیا گیا	حَمِیر	سرخ رنگت والا
حَمِیل	ذمہ دار، ضامن	حَنِیف	یکسو، مسلمان، موحد

خ

خَاطِف	چھیننے والا	خَالِد	ہمیشہ رہنے والا
خَالِق	پیدا کرنے والا	خَامِد	خاموش، ساکن
خَبِیر	خبر رکھنے والا	خَضَاد	ایک نرم درخت جس کے کانٹے نہیں ہوتے
خَضِر	سرسبز، تازہ، ہرا بھرا	خَضِیر	سبز، ہرا بھرا
خَلَّاد	سدا رہنے والا	خَلَاق	نصیب، خیر و بھلائی کا حصہ

خَلِيْد	ہمیشہ	خَلِيق	اچھے اخلاق والا
خَلِيْل	دوست، کمزور بدن	خَنُسَان	چھپنے والا
خَنِيْس	پیچھے ہٹنے والا	خَيُرُون	بہتر
خَيُرَه	پسندیدہ، منتخب		

د

دَابِر	تابع، جڑ	دَارِس	پڑھنے والا
دَاوُد	عزیز، دوست	دَائِم	ہمیشہ
دَرَّاك	ذہین، بات کی تہہ تک پہنچنے والا	دِهَاق	صاف، شفاف، چھلکتا ہوا

ذ

ذَاكِر	ذکر کرنے والا	ذَبِيح	ذبح ہونے والا
ذَكِير	بہت ذکر کرنے والا، قوی الحافظہ، اچھی یادداشت والا	ذُو الْقَرْنَيْن	دو سینگوں والا

ذُو الْکِفْل	ضامن	ذَالنُّوْن	مچھلی والا
ذُھَیْب	سونے کا ٹکڑا	ذَھِیْب	ملمع کیا ہوا سونے کا ٹکڑا
ذَھِیْل	غائب، پگھلنا	ذِیْشَان	مرتبہ والا

رَازِق	رزق دینے والا	رَاسِخ	مضبوط
رَاشِد (صحابی)	ہدایت یافتہ، راہِ حق پر سختی سے قائم و دائم	رَاصِد	نگران، محافظ
رَاعِب	ڈرانے والا	رَاغِب	مائل ہونے والا، چاہنے والا
رَافِع (صحابی)	بلند کرنے والا	رَاقِب	نگران
رَاکِب	سوار، شہسوار	رِبَاح	نفع، نبی ﷺ کے غلام کا نام
رَبَّانِی	اللہ والا	رَبِیْب	بادشاہ
رَبِیْط	رابطہ کرنے والا	رَجِیْل	بہت چلنے والا، مضبوط، ثابت قدم
رَحْمَت	شفقت، مہربانی	رَحِیْق	خالص شراب، خوشنما

رَحِیْل	مسافر	رَحِیْم	مہربان
رِشَاد	راست روی	رِشْدَہ	صحیح النسب (راء کی زبر اور زیر دونوں طرح)
رَشِیْد (صحابی)	عقل و رشد والا، ہدایت یافتہ	رَضَا	خوشی
رِضْوَان	رضامندی	رَضِی	پسندیدہ
